(۳) جھوٹی گواہی دینے والے کی زبان کاٹ لی جاتی تھی۔

(۴) محصول نہ ادا کرنے کو پران ڈنڈ ملتا تھا۔ بہت معمولی اپرادھوں میں کیول سر منڈن ڈنڈ دیا جاتا تھا۔

سبھائیں ارتھات سماج

اس سمے کے لوگ سداچاری۔ ستیہ وادی۔ آپس میں پریم کے

ارلی ہسٹری آف انڈیا صفحہ ۱۳۰ - ۱۳۱

خوشحال اور سادہ طبیعت ہوتے تھے۔ وہ لوگ کبھی عدالت میں جانا پسند نہ کرتے تھے۔ آپس کے جھگڑے خود نپٹا لیتے تھے۔ ایک دوسرے کے اوپر وشواش تھا۔ یہیں وہاں کے معاہدوں کی لکھا پڑھی نہ کرتے تھے۔ اپنی امانت دوسرے کے پاس رکھتے ہیں تکلف نہ تھا۔ یہ لوگ اپنے گھروں کو تالے نہ لگاتے تھے۔ ان کی کھیتی ایسے ہی پڑی رہتی تھی۔ دوسرے کا مال بغیر اجازت لینا حرام خیال کیا جاتا تھا۔ اس سمے دھرم سوتروں کے انوسار انصاف ہوتا تھا۔ اس طرح مہاراجہ چندر گپت بھارت کا شہنشاہ کہلاتا ہوا چوبیس ورش راج کر کے سنہ ۲۹۸ قبل از مسیح پچاس برس کی آیو میں پرماتما کی گود میں چلا گیا۔

مہاراجہ بندوسار

مہاراجہ چندر گپت کے مہاراجہ بندوسار قبل از مسیح سنہ ۲۹۸ میں تخت پر رونق افروز ہوئے۔ ان کا دوسرا نام شاستروں میں امترگھات بھی لکھا ہے۔ مہاراجہ بندوسار نے کوئی ایسا کارنامہ نہیں کیا جو کہ اس کی عظمت کو بڑھانے والا ہو۔ سوائے اس کے کہ اس نے دکن کو فتح کر کے اپنے باپ کی سلطنت میں شامل کر لیا کیونکہ دکھن ابھی تک آریہ راجاؤں کے ماتحت نہ تھا۔ اس لئے یہ واقع صرف بندوسار کی عظمت کو بڑھانے والا ہے بندوسار کے سمے میں بھی یونانیوں کے ساتھ دوستانہ تعلق برابر قائم رہا۔ جیسا کہ اس کے باپ نے شروع کیا تھا۔

نیکیٹر کے چلے جانے کے بعد سیلوکس کے بیٹے انٹیوکس
نے ایک نئی سفارت بھیجی۔ پھر ٹولمی فلی ڈولفس فرمانروائے
مصر نے بھی ایک سفارت بسر روکی ڈیونی سیوس روانہ کی۔
جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بندوسار کے وقت میں بھارت
ورش کے تعلقات مغربی دنیا کے ساتھ بہت بہتر تھے تجارت
کے راستے کھلے تھے۔ بندوسار نے پچیس سال حکومت کی اور
۲۷۲ قبل از مسیح میں پرلوک سدھارا۔ تاریخ دان لکھتے ہیں کہ
بندوسار نے پوربی اور پچھمی سمندر کے بیچ کا ملک بھی فتح کیا تھا۔

مہاراجہ اشوک

جس وقت مہاراجہ بندوسار نے حکومت ہاتھ میں لی۔ اس
سے پہلے وہ کئی شادیاں راج کنیاؤں سے کر چکا تھا۔ اب اس
نے ایک غریب برہمن کی کنیا کے ساتھ چمپا نگر میں شادی کی
جو کہ ایک نہایت خوبصورت کنیا تھی۔ اس کو اس کی خوبصورتی
کی بدولت بندوسار نے پٹرانی بنا لیا تھا۔ اس کے بطن سے کچھ
عرصہ بعد دو بالک اوپن ہوئے۔ جس میں پہلے کا نام اشوک
اور دوسرے کا نام ویت اشوک رکھا۔

اشوک کی تعلیم

اشوک بال اوستھا میں ہی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ودیا گرہن

[illegible]

کرنے گیا۔ ہر ایک پرکار کی ودیا میں وہ غور و خوض کرتا تھا۔ اپنے
بھائیوں کی نسبت زیادہ محنت کرتا تھا۔ اس کی دماغی طاقت
بہت تیز تھی۔ اس کا ذہن اس قدر تیز تھا کہ جس چیز کو ایک مرتبہ
سن لیتا تھا کبھی نہ بھولتا تھا۔ اس سے ہی اس کا گورو بہت
خوش تھا۔ اشوک کے دوسرے بھائی بھی اس کو زیادہ قابل
اور ہونہار سمجھتے تھے۔ مگر بندوسار اپنے دل میں اشوک کی
نسبت اچھے خیالات نہ رکھتا تھا۔ نہ ہی اشوک سے پیار و
محبت سے پیش آتا تھا۔ یہ سب کچھ اشوک کو بھی اچھی طرح معلوم
ہو گیا تھا کہ میرا پتا مجھ سے ناخوش ہے۔ اور مجھ کو پسند نہیں کرتا
اشوک بہت سادہ مزاج تھا۔ وہ اپنی زندگی کو سادہ بنا کر رہتا
تھا۔ کیونکہ اشوک سمجھتا تھا کہ یہی سمے ہے جس کو میں ودیا حاصل
کرنے میں لگا سکتا ہوں۔ اس لئے وہ اپنی زندگی کا ایک لمحہ بھی
بیہودہ شنگار میں نہ کھوتا تھا۔ وہ ہر سمے ودیا کی دھن میں گیان
کو پراپت کرنے میں مشغول رہتا تھا۔ جس سے اس کو باہری
سجاوٹ بنانے کا اوکاش نہ ملتا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ ودیا کا
سمے کھو دینے سے پھر پراپت نہ ہوگا۔ البتہ شنگار وغیرہ لگانے
کو تمام عمر باقی ہے۔ بہت وقت ملیگا۔ ودیا ابھیاس میں وقت
بتاتے رہنا۔ ماتا پتا۔ گورو کے حکم کی فوراً تعمیل کرنا۔ سادہ زندگی
بسر کرنا۔ سچائی پر ہمیشہ ڈٹے رہنا یہی اشوک کے وصف
تھے جن کے کارن اس کا گورو ہمیشہ اس سے خوش و خرم
رہتا تھا۔ اور اشوک کی زندگی کو اونچا بنانے کی فکر میں رہتا

تھا۔ برعکس اس کے اشوک کے بھائی بڑے تند مزاج اور بابوتی تھے۔

مہاراجہ بندوسار کا ولیعہد مقرر کرنا

جب مہاراجہ بندوسار کو کچھ عرصہ راج پاٹ کرتے گذر گیا۔ تب اس کے دل میں ولیعہد سلطنت مقرر کرنے کا خیال آیا۔ وہ کچھ عرصہ تک اسی سوچ وچار میں پڑا رہا۔ کہ کس کنور کو ولیعہد مقرر کروں۔ مگر وہ کسی نتیجہ پر نہ پہنچ سکا۔ تب مہاراجہ بندوسار نے دربار عام کر کے اپنے راجکماروں کے گوروؤں کو منسٹرت کر براوتھنا کر اسے کہا تھا۔ میرے راجکماروں کے بدھی داتاؤ۔ آپ وچار پورنک مجھ کو راستے دیں۔ کہ میں راج کا ولیعہد کس کو بناؤں۔ کون راجکمار اس لائق ہے جو کہ دیش کی سلطنت کا بوجھ سنبھال سکیگا۔ اس سمے مہاتما جی جانتا تھا کہ اشوک کا نام پیش کرے۔ مگر بندوسار کے خیالات اس کی نسبت ٹھیک نہ دیکھ کر بولا۔ کہ راجن! اگر آپ سچ مچ ولی کنور کا چناؤ کر کے ولیعہد مقرر کرنا چاہتے ہیں۔ تو بہتر ہے کہ آپ خود تمام راجکماروں کی پریکشا کر لیں۔ جس سے آپ کے دل کو پورا اطمینان ہو جائے۔ راجہ نے تب ارشاد فرمایا کہ تب راجکماروں کو معہ ان کے گوروؤں کے بلوایا۔

اشوک کا ولیعہد مقرر کرنا

مقررہ تاریخ پر تمام راجکمار اچھی اچھی پوشاکیں دھارن کر دربار

میں سنہری روپہلی کرسیوں پر آ کر براجمان ہو گئے۔ راجکمار اشوک بھی پیچھے سے آ زمین پر ہی آسن جما بیٹھ گیا۔ جبکہ تمام راجکمار طرح طرح کے لذیذ کھانوں سے پیٹ بھر چکے تھے۔ راجکمار اشوک بھارت کا بھاوی سمراٹ چاولوں کے پھوڑا سے اپنا پیٹ بھر کر خوش ہو رہا تھا۔ جو کہ اس کی ماتا نے آتے ہوئے باندھ کر اسے دے دیئے تھے۔ جہاں اشوک کے تمام بھائی عمدہ عمدہ فلنوں پر بیٹھ کر راج دربار میں گئے تھے۔ وہاں راجکمار اشوک اپنے پتا کی بوڑھی ہتھنی پر سوار ہو دربار میں پہنچا تھا۔

ولیعہد کے چناؤ کا سمہ

جب تمام راجکمار اپنے اپنے بھوجن آدی سے نوزت ہو کر بیٹھ گئے۔ امراء۔ وزراء اور مہاتما لوگ آسنوں پر براجمان ہو گئے۔ مہاراجہ بندوسار نے آچاریہ ارتھات راج پروہت سے پرارتھنا کی۔ اے بھگون۔ اب میری کل کے دھرم گورو۔ اب سمہ ہو گیا ہے کہ آپ ولیعہد سلطنت کا چناؤ کریں۔ تا کہ راج کا بھار اس کو سنبھال دیا جائے۔

راجہ کے حکم کے مطابق راج پروہت نے کہا۔ کہ اے راجن: وہی یہ آج تھا اس گدی کی ادھیکاری ہو سکتی ہے جس نے آج تیرے دربار میں سب سے اعلےٰ بھوجن کیا ہو۔ سب سے اعلےٰ سواری پر سوار ہو کر آیا ہو۔ جو خود داری کو رکھتا ہوا سب سے اعلےٰ آسن پر براجمان ہوا ہو۔ وہی ولیعہد ہونے کی طاقت باندھ

رکھتا ہے۔ وہی ولیعہد ہو کر تیرے خاندان کے نام کا سارے سنسار میں [illegible] کا پھریرا [illegible] سکتا ہے۔ اس کی قسمت میں تیرے خاندان کی باگ ڈور لکھی ہے۔ سنئے وہ بلوان آتما۔ وہ جنیہ آتما کشتری کی جو قسمت آپ کا راجکمار اشوک ہے۔ کیونکہ آج وہ آپ کی ہتھنی پر سوار ہو کر آیا ہے۔ جو کہ سنسار میں سب سے اچھی سواری ہے۔ اس نے مٹی کے برتنوں سے رغبت [illegible] رکھ کر شاہی عیش کے بھوجن چاولوں سے پیٹ بھرا ہے۔ وہ ماتری بھومی کی گود میں بیٹھ کر اپنی اچھی صفات کا امتحان دے چکا ہے۔

تب حاضرین دربار کی خوشی کی آوازوں کے درمیان راجہ بندوسار نے اشوک کو اٹھا کر راج سنگھاسن پر بٹھا دیا۔ اور ولیعہد مقرر کرنے کا اعلان کر دیا۔

اشوک کی پہلی کامیابی

باوجود اس کے کہ اشوک ولیعہد مقرر ہو چکا تھا۔ مگر اس کے لئے راجہ بندوسار کے دل میں کوئی کشش نہ تھی۔ راجہ بندوسار راجکمار اشوک کے علم و ہنر اور حسن و لیاقت سے بے خبر تھا۔ اس لئے وہ خیال کرتا تھا۔ کہ اچاریہ جی نے اشوک کو ولیعہد مقرر کرنے میں غلطی کھائی ہے۔ مگر وہ اس غلطی کی تلافی نہ کر سکتا تھا۔ کیونکہ وہ جانتا تھا کہ [illegible] کے سامنے اس کی کچھ نہ چلے گی۔ اشوک کے ولیعہد مقرر ہونے کے تھوڑا ہی عرصہ بعد راجہ بندوسار

[illegible] سلطنت کے ایک علاقہ کی بہت ساری جمیعت نے بغاوت شروع کر دی۔ اس بغاوت کو شانت کرنے کے لئے راجہ بندوسار نے اپنے ولیعہد سلطنت اشوک کو روانہ کیا۔ اشوک نے کمال ہوشیاری سے بغاوت کو فرو کیا۔ اور علاقے میں امن و امان کر کے واپس [illegible] اشوک کو بہت کامیابی نصیب ہوئی۔ اس [illegible] اشوک نے فتح مند کی حیثیت سے [illegible] اپنے پتا جی [illegible] کیا۔ مہاراجہ بندوسار کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ [illegible] سے لگایا۔ اب مہاراجہ بندوسار کی ساری [illegible] اشوک کے [illegible] دشمنی کو جو [illegible] تھے۔ [illegible] اپنے بزرگوں کا حکم ماننے کے لئے جھکا رہتا تھا۔ اب [illegible] ہر وقت اشوک سے خوش رہنے لگا۔ وہ محسوس کرنے لگا کہ اشوک ہی ایک ایسا مدبر اور [illegible] راجکمار ہے جو میرے بعد سلطنت کو ترقی دے سکتا ہے۔

اشوک اور اس کے بھائیوں میں جھگڑا

مہاراجہ بندوسار کی وفات کے بعد اشوک اور اس کے بھائیوں کے درمیان جھگڑے شروع ہو گئے۔ متواتر چار سال تک ان میں جنگ و جدل ہوتی رہی۔ آخر کار اشوک کو کامیابی نصیب ہوئی۔ وہ اپنے باپ کے تخت پر بیٹھا۔ چونکہ اشوک کا دل [illegible] کی طرف راغب تھا۔ [illegible]

سلطنت کا واحد مالک بن گیا۔ تب وہ سلطنت کا پورا انتظام کر کے ہر روز ساٹھ ہزار سادھوؤں اور برہمنوں کو بھوجن کھلانے لگا۔ اس طرح وہ بہت عرصہ تک برہمنوں اور سادھوؤں کی سرپرستی کرتا رہا۔ کیونکہ اس کا خیال تھا۔ کہ تمام دنیا کی دولت ان کے لئے ہے

اشوک کا بُدھ دھرم میں پرویش

ایک دن مہاراجہ اشوک محلوں میں بیٹھا ہوا وچار کر رہا تھا۔ کہ ان کے بڑے بڑے پیٹو سادھوؤں برہمنوں کو کھلا کر جو کھاتے ہوئے بھی آپس میں لڑتے ہیں۔ بے فائدہ دولت برباد کرتا ہے اسی اثنا میں اس کی درشٹی نیچے کی طرف گلی میں پڑی۔ جہاں پر ایک بودھ بھکشو نیچی گردن کئے جا رہا تھا۔ مہاراجہ اشوک نے جھٹ اس کو اپنے پاس بلا لیا۔ اور اپنے آسن پر بٹھا کر بات چیت کرنے لگا۔ اس بھکشو کی سادہ زندگی اور بات چیت نے مہاراجہ اشوک کے دل پر بہت اثر کیا۔ جس مہاراجہ اشوک کو ان شکم پرست سادھوؤں اور برہمنوں سے سخت نفرت ہو گئی تھی۔ اس نے بدھ بھکشو سے سنگشا گرہن کر کے بدھ دھرم میں پرویش کر لیا۔

مہاراجہ اشوک کی بُدھ دھرم میں دلچسپی

اب اشوک نے بدھ دھرم کی ترقی میں اپنا تن من دھن لگانا شروع کر دیا۔ جس سے اشوک بدھ دھرم میں نئی روح پھونک کر اس کو دیش ودیشانتروں میں پھیلانے کا کارن بنا۔ اب اشوک

کا جہاں دولت نہیں بلکہ لاکھوں روپیہ بدھ بھکشوؤں پر خرچ ہونے لگا۔ یہ بھکشو بہت نیک سیرت انسان تھا۔ اس کے لئے مہاراجہ اشوک کے دل میں بہت شردھا اور یقین ہو گئی تھی۔ اس کو بھی بدھ بھکشو کا مرید بنی کے لئے لاکھوں روپیہ سالانہ ان دیتا تھا۔ آہستہ آہستہ زیادہ دھن آنے سے بھکشو لوگ بھی بدھاش ہونے لگے۔ اور اپنی مکاری کے جال بچھانے لگے

اشوک خود بھکشو رہا

مہاراجہ اشوک کو بدھ دھرم میں اس قدر شردھا اور یقین ہوئی کہ وہ خود اس کی ترقی کی خاطر دو اڑھائی سال بھکشو بن کر پرچار کرتا رہا

کنور مہندر کا بھکشو بننا

راجکمار مہندر نے بھی بدھ دھرم کی فضیلت کو گرہن کر کے اس کے پرچار ہتھ عیش و عشرت اور محلوں کے سکھوں پر لات مار بھکشو کا بھیس دھارن کر لیا۔ اور بغرض اشاعت بدھ مذہب سنگل دیپ (لنکا) کی۔ لنکا جا کر اپنے دھرم کرن سے بدھ دھرم کے اصول کی پشتی سے وہاں کے راجہ کی بیٹی کو اپنا ہمخیال بنا کر بدھ دھرم کا پیرو بنا لیا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد مہاراجہ اشوک کی پتری سنگمترا بھی بدھ دھرم کی پرچار کے لئے لنکا دیپ میں گئی۔ وہاں پر دونوں بھائی بہنوں نے بدھ دھرم کو اس قدر ترقی دی۔ کہ وہاں پر ویدک دھرم کا نام و نشان مٹا دیا۔ ہر ایک کے دل میں مہاتما بدھ کی تعلیم نے گھر کر لیا۔ ان کے نام کا ڈنکا

پہنچ گئی۔ جب سے مہندر بھکشو بن کر لنکا میں گیا۔ پھر وہ بھارت میں واپس نہیں آیا۔ اور کار اسی جگہ کے اندر یوگ سادھن کرتا ہوا پرلوک کو چلا گیا۔ جس جگہ ان دھرم پیر مہندر نے کشٹن تپسیا کی تھی وہاں پر اب بھی ایک عالیشان بدھ مندر ہے ۔

چوراسی ہزار بدھ مندر بنوانا

مہاراجہ اشوک نے اپنے عہد حکومت کے اندر بڑے بڑے نگروں میں چوراسی ہزار بدھ مندر بنوائے۔ ہر ایک مندر میں مہاتما بدھ کی راکھ کو سنبھال کر رکھا۔ تمام اخراجات سرکاری خزانہ سے مہاراجہ اشوک نے ادا کئے۔ جس دن مہاتما بدھ کی راکھ تقسیم کی گئی تھی۔ وہ دن بدھ کے پیروؤں میں خاص طور پر قابل یادگار بن گیا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ مہاتما بدھ کے دھرم کو پھیلانے کے لئے اشوک نے سب سے بڑھ کر قربانیاں کی ہیں۔ اس کی بدولت ہی بدھ دھرم کو اتنی ترقی نصیب ہوئی ۔

مہاراجہ اشوک کی فتوحات

اشوک نے اپنے عہد حکومت میں صرف ایک ہی چڑھائی کی ہے جبکہ صوبہ کالنگا کو فتح کر کے اپنے آدھین کیا تھا۔ اس لڑائی میں خونریزی اور دکھ کے نظارے مہاراجہ پر قابل دہرا اثر تھا۔ جو اشوک نے دیکھے تھے۔ اس سے متاثر ہو کر آئندہ زندگی میں جنگجوئی نہ کرنے کی قسم کھائی۔ اور اس نے اپنے اہلکاروں کو تمام نرمی اور محبت سے حکومت کرنے کے فرمان جاری کئے۔ وہ بھی مہاراجہ اشوک کے

ولی جذبات کا اظہار کرتے ہیں ۔

مہاراجہ اشوک کی سلطنت کی حدود

مہاراجہ اشوک کا راج شمال میں کوہ ہمالیہ اور کوہ ہندوکش تک سارا افغانستان۔ بلوچستان۔ سندھ اس کے اوجین سے سورت اور راج کے علاقے بھی اس کی سلطنت میں شامل تھے۔ نیز کشمیر و نیپال۔ کشمیر میں اس نے ایک نیا دارالخلافہ آباد کیا تھا جس کا نام سری نگر رکھا تھا۔ نیپال میں اس نے پرانے دارالخلافہ کی جگہ نیا دارالخلافہ للتا پاٹن بسایا۔ جو کھٹمنڈو سے ڈھائی میل جنوب مشرق کو ہے

مہاراجہ کی سلطنت کا انتظام

اس نے اپنی سلطنت کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہوا تھا ہر ایک حصہ میں ایک ایک گورنر تھا۔ جس میں سے ایک گورنر کا صدر مقام ٹکسلا۔ دوسرے کا توسال۔ تیسرے کا اوجین اور چوتھے کے تحت جنوبی ملک تھا۔ جو نربدا کے جنوب میں واقع ہے ۔

مہاراجہ اشوک کے کتبے

مہاراجہ اشوک اپنی رعیت سے بے خبر نہ رہتا تھا جس قدر اُس

ملہ ٹکسلا۔ پرانے کال میں بھارت ورش کے اندر سب سے زیادہ مشہور اور بڑی یونیورسٹی تھی۔ جس کے کھنڈرات راولپنڈی کے نزدیک پنجاب میں ملتے ہیں۔ اس یونیورسٹی کی نسبت مورخوں نے بہت کچھ تحریر فرمایا ہے۔ اس یونیورسٹی کا ثانی کوئی دوسرا ودیا پیٹھ سنسار میں نہ تھا ۔

کو دھرم کی لگن تھی۔ جسی قدر اس کے دل میں رعیت کے آرام کے
لئے لگی تھی۔ وہ چاہتا تھا کہ کبھی میری پرجا کے اندر بے انصافی
نہ ہو۔ میرے راج میں کسی کمزور پر کوئی ظلم نہ کرے۔ کوئی بڑا کام
میرے وزیروں کی طرف سے ظہور میں نہ آئے۔ جس سے رعیت
کی دل آزاری ہوتی ہو۔ اس لئے اس نے عام گذرگاہوں پر۔
میناروں پر۔ مختلف پہاڑوں پر احکام کندہ کرا دیئے تھے۔ جن کو
ہر ایک انسان پڑھ سکے۔ اور مہاراجہ کے قانون اور احکام سے آگاہ
رہے۔ نہ ہی کسی عہدیدار کو خلاف قانون کارروائی کرنے کا حوصلہ
ہو۔ جن کتبوں کو دیکھنے سے مہاراجہ اشوک کی دماغی لیاقت۔ پابجائی
پرجا سے ہمدردی تھا بے نظیر رعایا پروری کا پتہ چلتا ہے۔ گو زمانہ
کے ہیر پھیر کے کارن اور مسلمانوں کے ظلم و ستم کے سبب سے صدہا
کتبے معدوم ہو گئے۔ مگر پھر بھی ایشور پرماتما کی دیا سے کئی صدیوں
کے گذر جانے پر بھی بعض مقامات سے اب بھی کتبے ملے ہیں۔
جن سے مہاراجہ اشوک کی حکومت کا پورا پورا حال معلوم کرکے بھارت
ماتا کے سپوت اپنا سر اونچا کر سکتے ہیں۔ اب بھی پشاور کے نزدیک
شہباز گڑھ میں۔ منجوہ و لنگا میں۔ گرنار تک گجرات میں۔ دھولی
تک اڑیسہ میں اور گنجام میں ابھی تک اس قسم کے بہت سارے
کتبے ملتے ہیں۔ ناظرین ان پر وچار کریں۔

کتبہ اوّل

دیوتاؤں کے پیارے پریہ درشی فرماتے ہیں۔ "جانوروں کا

مارنا یک قلم بند کر دیا جائے۔ نہ تو پوجا کے لئے مارے جائیں
اور نہ سوسائٹی کے لئے۔ کیونکہ اس میں بڑی خرابی ہے۔"

کتبہ دوئم

"تمام ملکوں میں یعنی چولا (تانجور)، پمرپتی (دنگا)، اور انیوکس
شاہ یونان اور دیگر ہمسایہ راجوں کو معلوم ہو کہ مجھے دو باتیں
منظور ہیں۔ ایک تو ہر ایک مقام پر اوشدھالیہ انسان و حیوان
دونوں کے لئے بنائے جائیں۔ دوسرے سڑکوں پر درخت لگوائے
جائیں اور کوئیں کھدوائے جائیں"۔

کتبہ سوئم

"اپنے بارھویں سنہ جلوس میں حکم دیتا ہوں۔ کہ رعایا ہر پانچویں
سال پراشچت کرے۔ والدین کی اطاعت۔ برہمنوں اور محتاجوں
کو دان دینا اپنا فرض ہے۔ سخاوت اور جانداروں کو قتل نہ کرنا
ہی سب سے بہتر ہے۔ فضول خرچی اور غیبت سب سے بری ہے۔"

کتبہ چہارم

"سینکڑوں برسوں سے جانور مارے جاتے ہیں۔ والدین اور
برہمنوں کا ادب کوئی نہیں کرتا۔ اب ڈنکا بجا کر میں دھرم بتاتا ہوں

لہ کیونکہ مہاراجہ اشوک جانوروں کو پوجا کے لئے نہ مارنے کا حکم صادر
کر چکے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ مہاراجہ اشوک سے پہلے پوجا کے
لئے جانوروں کے مارنے کی رسم جاری ہو چکی تھی۔

جو دھرم کو سینکڑوں برسوں سے نشٹ ہو گیا تھا۔ اسے پھر میں
قائم کرتا ہوں۔ قتل جانوروں سے باز آنے کی اور قرابت مندوں
کی خاطرداری کی ہدایت کرتا ہوں اور کرتا رہونگا۔ اور میری اولاد
بھی اس پر عمل کرتی رہے گی" ۔

کتبہ پنجم

"دھرم کرنا مشکل ہے۔ اس لئے میں نے دھرم پرچارک
دھرم مہاتما مقرر کر دیئے ہیں۔ جو ہر ایک ادنےٰ اعلےٰ۔ مکار۔
وفادار سب سے ملینگے۔ اور انہیں دھرم سکھلائینگے۔ وہ لوگ
یونان۔ کمبوج۔ گاندھار۔ سوراشٹر اور دیگر وحشی اقوام سے بھی ملینگے
اور ان کو راہ نجات بتلائینگے" ۔

کتبہ چھٹا

"اب تک ایسا نہیں ہو سکتا تھا۔ مگر میں چاہتا ہوں۔ کہ
جس وقت چاہے میں محل سرا میں بیٹھا ہوں۔ چاہے سواری میں
چاہے کھانا کھا رہا ہوں۔ چاہے آرام کر رہا ہوں۔ مگر رعایا کی
عرض معروض فوراً سن سکونگا" ۔

کتبہ ساتواں

"چاہے کسی قسم کا فقیر ہو۔ مگر اسے کوئی نہ چھیڑے۔ سب

دھرم اور پیشگاہ کو کہتے ہیں ۔ محل کو کہتے ہیں ۔

کی کوشش درستی اخلاق میں رہے" ۔

آٹھواں کتبہ

"قبل میں راجے جو آؤٹ شکار سے دل بہلایا کرتے تھے۔ مگر میں نے
اپنے دل بہلانے کی دوسری ترکیب عقل کے مشورہ سے نکالی ہے
وہ یہ ہے کہ برہمنوں اور بڑے بڑے بزرگوں اور عالموں کو ملنا
سونا دان کرنا۔ سلطنت اور رعایا کی بہبودی کا فکر کرنا۔ دھرم پر
چلنا۔ اور دھرم کو سب سے پیارا سمجھنا" ۔

نواں کتبہ

"بیاہ سے سفر سے بخیریت واپس ہونے پر۔ اولاد کے پیدا
ہونے پر سب لوگ خوشی مناتے ہیں۔ جو جشن کراتے میں فضول
خرچیاں کراتے ہیں۔ یہ سب بے فائدہ ہے۔ بڑا ثواب دھرم منگل
سے ہوتا ہے۔ برہمنوں کو دان دینا۔ آقا کی خدمت کرنا۔ گورو مذہب
کی تعلیم یہی دھرم منگل ہے" ۔

دسواں کتبہ

"شہرت بے حقیقت ہے۔ کوشش کرنا چاہیئے کہ انسان کی
آئندہ زندگی میں راحت ہے" ۔

گیارھواں کتبہ

دھرم دان سے بڑھکر کوئی دان نہیں۔ والدین کی اطاعت

رشتہ داروں کے ساتھ فیاضی۔ نوکروں سے نیک سلوک یہی انسان کے فرائض ہیں۔ ان پر عمل کرنے سے دونوں جہان میں راحت ملتی ہے۔

بارھواں کتبہ

"میں ہر ایک مذہب اور فرقہ کی یکساں قدر کرتا ہوں۔ اور ان کی ترقی دل سے چاہتا ہوں۔ میں جو سب مذہبوں کی قدر کرتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر ایک اپنے مذہب پر قائم رہ کر اعتقاد رکھیگا۔ اور دوسروں کے مذہب کی توہین نہ کرے گا۔ جو شخص یہ سمجھتا ہے کہ میرا مذہب سب سے اعلیٰ ہے۔ اور دوسرے کا خراب ہے۔ وہ دراصل اپنے لئے خرابی پیدا کرتا ہے۔ میری دلی خواہش یہ ہے۔ کہ ہر ایک اہل مذہب گیان اور دھرم میں ترقی کرے۔ کیونکہ سب کا نتیجہ ایک ہی ہے۔ اس لئے مہاماترا مقرر کئے ہیں۔ سب کی نگرانی کریں۔ اس سے ہر ایک مذہب والے فائدہ پہونچے گا"۔

تیرھواں کتبہ

"چونکہ راجہ انتوکس۔ ٹالمی انٹی گونس۔ ماگس اور اسکندر وغیرہ کے ملکوں میں جہاں میں نے قاصد بھیجے۔ دھرم کی قدر ہوئی۔ اور لوگوں نے اسے قبول کیا۔ ملک کا فتح کرنا آسان ہے۔ مگر جو فتح اصلی خوشی دینے والی ہے۔ وہ اچھی ہے۔ اور وہ مذہبی فتح سے ہوتی ہے"۔

چودھواں کتبہ

"ان احکام کے کندہ کرانے سے میری اصلی خواہش ہے کہ لوگ ان پر عمل پیرا ہوں"۔

میناروں کے لیکھ جو مہاراجہ اشوک کے وقت کے ابتک موجود ہیں

"دھرم سے راج کرنا چاہئے۔ راستی۔ سخاوت۔ مہربانی۔ خیرات یہی دھرم ہے"۔

دوسری تحریر

دوسرے میناروں پر مہاماتروں کو ہدایات اور حکموں کی کندہ کی گئی ہے۔ "اپنے فرائض ایمانداری سے انجام دیں۔ نیز جس کو بجے قتل کا حکم ہو وہ تین دن فاقہ کرے۔ تاکہ اس کی عاقبت سدھرے۔ اس طرح سے مہاراجہ اشوک کے وقت کے کتبے اور تحریرات ملتی ہیں۔ جن سے اشوک کے عہد حکومت کا حال ملتا ہے۔

کنور کنال کی آنکھیں نکلوانا

زمانہ سدا ایک حالت پر نہیں رہتا۔ اس کو بھی قانون قدرت کے آدھین ہیر پھیر کے چکر کاٹنے پڑتے ہیں۔ کبھی وہ زمانہ تھا جب کنور کنال کے چہرے پر خوبصورت آنکھیں۔ نہیں نہیں سورج کی مانند چمک دینے والی پُرجلال آنکھیں موتیوں کی مند

چوک رہے ہی نہیں۔ جس کے آگے کوئی آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ
سکتا تھا۔ مگر زمانہ بدلتے دیر نہیں لگتی۔ خوبصورتی کو برباد ہوتے دیر
نہیں لگتی کسی نے سچ کہا ہے۔ ناش کرنا آسان ہے۔ تعمیر کرنا دقت
طلب ہے۔ اسی طرح آج کنال کے ماتھے سے وہ دیوی جوتی نکل
گئی۔ وہ خوبصورت دیکھنے والے نیتر کا نور ہو گئے۔ آج کنال نیتر
ہین اس سنسار میں پڑا ہے۔

مہاراجہ اشوک کا بردھ اوستھا میں شادی کرنا

مترو۔ بودھ لیکھکوں نے اپنے گرنتھوں میں لکھا ہے کہ مہاراجہ
اشوک نے بڑھاپے میں جبکہ اس کی بڑی رانی اسندھ مترا کا دیہانت
ہوگیا۔ دوسری شادی مہارانی تشیارکشتا سے کرلی۔ یہ پاپن رانی
اپنے سوتیلے پتر کنال کی خوبصورت آنکھوں اور جوانی کو دیکھ کر
اس پر عاشق ہوگئی۔ کنال کی خوبصورتی کی کوئی ہمسری نہیں
کر سکتا تھا۔ اس کے چہرے پر جلال ٹپکتا تھا۔ اس کے چہرے
پر قدرت کا حسن جھلک رہا تھا وہ چاند کی مانند چمک رہا تھا۔ اس کے
چہرے سے آتمک بل کی لہریں اٹھ رہی تھیں۔ مگر بدبخت رانی
پاپ کی اندھیری سے جکڑی ہوئی کام دیو کی اگنی میں گر پڑی
دھرم کرم کو بھلا دیا۔ دھرم مریادا کو توڑ ڈالا۔ اپنے پاپ کی راہ پر
چلی۔ وہ اپنے ... ۔ اپنے پریم کی ... سوتیلے پتر کنال
کو عشق بھری نظروں سے دیکھنے لگی۔ ایک دن وہ کنال سے ...
[illegible]

پتر کنال کا کلیجہ چھلنی چھلنی ہو گیا۔ اور وہ اس طرح آہ بھرتے ہوئے بولا

دھرم ابھلاشی کنال کا اوتر سوتیلی ماتا کو

اے میری دھرم کی ماتا۔ سورج کل میں آنے والی دھرم کی ماتا!
تیرے ہردے کے اندر یہ وشے بھاؤ کیوں اتپن ہوا۔ اے
تیرا ہردے تو کیوں نہیں جل گیا۔ اے ماتا تجھ کو زمین کیوں
نہیں نگل گئی۔ کیا تو اس کل کو کلنک کرنے کے لئے پیدا ہوئی
تھی۔ کیا تجھ کو تیرے دھرم اتہاس کا خیال نہیں آیا۔ کیا تو نہیں
جانتی کہ مہاراجہ اشوک سنسار میں سدا چاری اور دھرماتماؤں کی
گنتی میں شمار کیا جاتا ہے۔ پھر اے پاپن! کل کو کلنکت کرنے
والی بدروحی ماتا۔ جب تیری زبان پر یہ وشے بھاؤ آیا۔ تیری
زبان کیوں نہ کٹ گئی۔ کیا تو یہ جانتی ہے۔ کیا تو سمجھتی ہے
کہ تیرا پیارا پتر کنال تیری یہ خواہش کو پورا کرے گا۔ تجھ کو خیال
نہ تھا۔ کہ کنال جس کے پتا کا دھرم کے لئے ڈنکا بج رہا ہے۔
ایسا پاپ کرم کرنے کو تیار ہوگا۔ کیا ماتا تجھ کو علم نہ تھا۔ کہ تیرا پتر
کنال اس کرم کے یوگ نہیں۔ اے ماتا۔ میں اس کل میں پیدا
ہوا ہوں۔ جو دھرم کرم کے لئے سنسار میں وکھیات ہے جس کے
اندر ایک نہیں دو نہیں بلکہ ہزاروں دھرماتما جنم لے چکے ہیں
پھر کیا تو خیال کرتی ہے۔ کہ کنال تیری خواہش کو پورا کرکے اس
کل کو کلنک لگا کر اپنا نام بدنام کرے گا۔ اے وشے ماتا۔ تو میرے
سامنے سے ہٹ جا۔ [illegible]

کشتری دھرم کو کلنکت کرتا ہوا ایک استری پر تلوار چلاکر اس کو پاپ کرم کرنے سے باز رکھوں۔ اس سنسار میں جب تک سورج چندرماں براجمان ہیں۔ میرے دل کو دنیاوی کوئی شکتی چلائماں نہیں کر سکتی۔ یہ ہو سکتا ہے کہ سورج اپنی گرمی چھوڑ دے۔ چندرماں اپنی روشنی تیاگ دے۔ پانی اپنی شیتلتا چھوڑ دے۔ مگر کنال اپنے دھرم اور کل مریادا سے ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹیگا۔

وشال ہردے کنال نے اس طرح لعنت ملامت کر کے اپنی ماتا کو پاپ کرنے سے باز رکھا۔ مگر دشٹ ماتا نے۔ اس کل گھاتنی ماتا نے۔ نہیں نہیں اس کل کو کلنکت کرنے والی ماتا نے جس کے سبب سے موریہ خاندان کے ماتھے پر سیاہ داغ لگا ہوا آج تک موجود ہے۔ اور تا ابد موجود رہیگا۔ دل ہی دل میں [illegible] کنال سے بدلہ لینے کی ٹھان لی۔ اس طرح ایک سمے پاکر اس کل ناشنی ماتا نے اپنے پتی کو دھوکا دے کر مہر لگوا کر فوج کے افسر کے پاس کنال کی آنکھیں نکلوا لینے کا حکم بھجوا دیا۔

جب حکم کمانڈر انچیف کے (انچارج افسر فوج) کے پاس پہنچا تو وہ پڑھ کر حیران و پریشان رہ گیا۔ اس کے بدن کا خون سوکھ گیا۔ مگر بادشاہ کا حکم جان کر مہاراجہ کنال کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پتا کے آگیا کاری پتر نے پتا کے حکم کو پڑھ کر بڑے شانت چت سے افسر مذکور کو کہا۔ "اے فوج کے ادھیکاری! میرے پتا کا حکم ہے کہ میری دونوں آنکھیں نکلوا لی جائیں۔ کیونکہ اس کے اندر ہی شاید راج کی کچھ بہتری ہو۔ اس لئے تو دیر مت کر۔ فوراً

[illegible]

مہاراجہ اشوک کی آخری عمر

جب مہاراجہ اشوک کو اپنے نور چشم کنال کی آنکھوں کا قصہ معلوم ہوا۔ تو وہ بے اختیار غش کھا کر زمین پر گر پڑا۔ [illegible] ایک مہورت [illegible]۔ مہاراجہ اشوک اپنے [illegible] حیثیت دیکھ کر [illegible] اٹھتا تھا۔ جس سے اشوک [illegible] آیا۔ اس وقت جو درشا اشوک کی ہوئی۔ اس کو میری قلم تحریر میں نہیں لا سکتی۔ ہاں ایک شخص جس نے اپنی اولاد کا دکھ دیکھا ہو۔ اس صدمہ کو سمجھ سکتا ہے۔

رانی کو آگ میں زندہ جلوایا

اس ظلم کی پاداش میں مہاراجہ اشوک نے رانی کو زندہ آگ میں جلوا دیا۔ جس سے کنال کی آنکھیں تو واپس نہ آئیں۔ مگر [illegible]

کا پھل مل گیا۔ اور مہاراجہ اشوک نے بھی اپنے دل کو ڈھارس دی ۔

مہاراجہ اشوک کی جنگل یاترا

چونکہ ویر کنال کے پیچھے سوائے اس کے ایک سالہ بچے کے کوئی راج ادھیکاری نہ تھا۔ اس لئے مہاراجہ اشوک اس ننھے بالک کو راج ادھیکاری بنا اس کو پورا پورا انتظام کر خود اس سنسار کی [illegible] ویراگ میں مبتلا ہو جنگل میں تپسیا کرنے چلا گیا ۔

مہاراجہ اشوک کی موت

مہاراجہ اشوک جنگل میں جانے کے کچھ عرصہ بعد پرلوک سدھارے۔ اس نے [illegible] سال سلطنت کو [illegible] سرانجام دیا۔ یہ مہاراجہ اپنی فیاضی اور اولوالعزمی کی مثال دنیا میں قائم کر گیا۔ موت کے وقت اس کی عمر [illegible] سال کی تھی۔ اس کا زمانہ بھارت ورش کے لئے ابر رحمت تھا۔ ہم جس قدر اس زمانہ پر فخر و ناز کریں کم ہے۔ اس کے عہد میں قتل و جنگ، مذہب و قومیت کے جھگڑے کبھی پیدا نہیں ہوئے۔ اشوک [illegible] کا [illegible] تھا کہ وہ ہمیشہ صلح کل رہے۔ تعصب [illegible] تھا۔ تمام مذاہب کو ایک ہی نظر سے دیکھتا تھا۔ ہر ایک فرقہ کے مقدس کی عزت کرتا تھا۔ تمام مذہبوں کو آزادی حاصل تھی جس سے رعایا کا بچہ بچہ سلطنت پر خوش تھا۔ غرض مہاراجہ اشوک کے برابر دھرماتما، صلح کل اور فیاض بادشاہ شاید ہی دنیا کے تخت پر گذرا ہو۔ اس کی ذات پر جس قدر فخر کیا جائے کم ہے ۔

راجہ کنال یا جالوک

کنال بڑا دھرماتما تھا۔ گن وان اور نیک [illegible] تھا۔ اس کو انتظام [illegible] بہت اچھے [illegible] تھا۔ اس نے اپنے وقت میں بہت بلند خیالی سے کام لیا۔ اس کو کوئی پر لوبھن و حرص سے [illegible] نہیں کر سکتا۔ [illegible] ہے کہ اس کے پیشتر ایک بودھ سادھو [illegible] کر راج سے [illegible] لے لئے۔ شاید یہ [illegible] ہو۔ (کیونکہ موجودہ زمانہ میں [illegible] بہت سے [illegible] انہیں بناتے ہیں۔) کشمیر کی تواریخ میں اس کا نام جالوک بھی لکھا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کشمیر کا راجہ تھا۔ اس نے ملیچھوں کو فتح کر کے باہر نکال دیا تھا۔ اس کا راج قنوج تک پھیلا ہوا تھا۔ اس نے اور اس کی رانی ایشان دیوی نے کشمیر میں بہت سے مندر بنوائے تھے ۔

دسرتھ

ان کے وقت کے بہت کم حالات ملے ہیں۔ مگر دسرتھ کے [illegible] اس سے قبل [illegible] بیٹے [illegible] مہاراجہ اشوک کی راج گدی [illegible] اور یہی اشوک کے بعد راج کا وارث ہوا۔ اس کے [illegible] پورے حالات نہیں ملتے۔ اس نے بھی [illegible] کیا۔ [illegible] ملیچھوں نے اس کو [illegible] हा प्रति

۱ کنال کا نام کشمیر کی مشہور تواریخ راج ترنگنی میں جالوک بھی لکھا ہے ۔
۲ [illegible] صفحہ ۱۹۲ ۔

[illegible] اشوک [illegible] نہیں ۔
[illegible] تھا ۔ [illegible]
کے [illegible] ہوئے بتلائے گئے ہیں ۔ اس کی [illegible]
ہے ۔ [illegible] مہاراجہ اشوک کے [illegible] ہوں ۔ [illegible]
[illegible] تھا ۔ [illegible]
[illegible] اس کے بعد [illegible]
[illegible]
[illegible] ان کے [illegible] حالات
[illegible]
[illegible]
[illegible] کے راجاؤں کی حکومت
ویسے کی ساتویں آٹھویں شتابدی تک بھارت میں چھوٹے چھوٹے
راجاؤں کے [illegible] ہیں ۔ جیسا کہ ایک [illegible]
جو کہ موریہ ونس سے تھا ۔ یہ راجہ چینی یاتری ہیونگ سانگ کے وقت
میں موجود تھا ۔ اس سے بھی اچھی طرح ثابت ہوتا ہے ۔ کہ موریہ ونس
کے راجے ساتویں شتابدی میں بھی مگدھ کے آس پاس کے علاقہ پر
حکمران تھے ۔ اس طرح اور بہت سے لیکھوں سے معلوم ہوتا ہے
کہ موریہ ونس کے راجے چھٹی ۔ ساتویں تھا آٹھویں شتابدی تک رہے

لہ [illegible] کرنے والا ۔
عہ [illegible] قبل از مسیح [illegible] ۔
سہ [illegible]

[illegible] تھے ۔ کیونکہ ایک [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

راجہ [illegible] موریہ

[illegible] راجہ [illegible] چندر گپت موریہ کے ونس میں تھا ۔ [illegible] کا حکمران تھا ۔ اس کی شادی [illegible] کے راجہ [illegible] سے ہوئی تھی ۔ اس کے وقت کے کوئی [illegible] ۔ یہ بڑا عیاش راجہ تھا ۔
[illegible] سے جو شاہی موریہ خاندان کی [illegible] ہے ۔ وہ

[illegible]	[illegible]	[illegible]	وایو پران	مدت حکومت	بھاگوت پران
[illegible]	[illegible]	۲۴	چندر گپت	۲۴	چندر گپت

نمبر شمار	وشنو پوران	مدت حکومت	وایو پوران	مدت حکومت	بھاگوت پوران
۲	بندوسار	۲۸	بندوسار	۲۵	باری سار
۳	اشوک وردھن	۳۶	اشوک	۳۶	اشوک وردھن
۴	سویشا	۸	کنال	۸	سویشا
۵	دشرتھ	۸	دشرتھ	۸	دشرتھ
۶	سنگت	۱۰	اندر پالت	۱۰	سنگت
۷	شالی شوک	۱	شالی شوک	۱	شالی شوک
۸	سوم شرما	۷	دیو ورما	۷	سوم شرما
۹	شت دھنو	۸	شت دھنو	۸	شت دھنو
۱۰	برہدرتھ	۷	برہدرتھ	۷	—

یہ کرسی نامہ وشنو پوران، وایو پوران، بھاگوت پوران کے مطابق تیار کرکے اوپر لکھا گیا ہے۔ لہذا آپ ہر دو سے ملاحظہ کر سکتے ہیں مختلف پرانوں میں اور بھی شجرہ ملتے رہیں ۔

بلندہ پسپرو تجم

آپ مہاراجہ اگرسین کے پانچویں پسر تھے۔ آپ کے نام پر مہاراجہ اگرسین نے بلند شہر آباد کیا تھا جو کہ اب تک اپنی شان سے قائم ہے۔ آپ کی مہارانیاں تھیں جن کے بطن سے چھ لڑکے اور چار لڑکیاں پیدا ہوئیں ۔

آپ کے خاندان میں سوریہ بنسی خاندان کی اولاد میں سے آپ کے ۱۷۵۵ م

سال بعد پنڈ کا راجہ اندر دت ہوا۔ جس کے اندر خاندان کی بنیاد ڈالی۔ اور اس کے پوتوں پریم کنوار، وجیکل سے بھی بڑا خاندان اور وجیکل اور چالک اچھوتوں کی ابتدا ہوئی ۔

شجرہ نسب مہاراجہ اندر دت



اس سمے جبکہ بھارت ورش میں بدھ مت کا دور دورہ تھا۔ لوگ ویدوں سے منحرف ہو کر ناستک بن رہے تھے۔ ویدوں کو پاؤں سے روندتے تھے۔ کوئی ایشور کا نام تک نہ لیتا تھا۔ سب آریہ سے ناستک بن رہے تھے۔ تب ویدک دھرم کے انویائی برہمنوں پنڈتوں نے منگلا رشی جی کے پاس کوہ آبو پر جا کر اپنا دکھ رویا۔ گریہ زاری کی کہ اے مہاتما رشی آریہ ورت کی رکشا کرو۔ آریہ ستان کی خبر لو۔ کہ بدھ مت والے ویدوں کو پاؤں تلے روندتے ہیں۔ اسے سنا تھا

[illegible]

[illegible]

اوجین ہوئے۔ جنھوں نے سنسار میں کشتری جاتی کی رکشا کر اس کا
نشان قائم رکھا۔ وہ قصہ در آیل اس پرکار ہے ۔

جب مہاتما ابھگا رشی کی آگیا انوسار پریم کنوار اور وجگل کنوار
پروہتوں کے ہمراہ کوہ آبو پر مہاتما ابھگا رشی کی سیوا میں حاضر ہوئے
اس سمے دو بلوان شش اور آ حاضر ہوئے۔ جن میں ایک جس کا نام
نوازل کرا چو پنڈ رشی خاندان سے تھا۔ دوسرا راشٹھور نام کا۔ مہاراجہ
راجپندر جی کے بنس سے تھا۔ مہاتما ابھگا رشی نے جو کہ پہلے سے ہی
اگنی کنڈ پر یگیہ کا سامان تیار کر رہے تھے۔ یگیہ کیا۔ یگیہ کے ختم
ہونے پر ان چاروں کو اوپدیش دیا۔ اور پرتگیا لی کہ آج سے ہم چاروں
ویدک دھرم کی رکشا کریں گے۔ بدھ دھرم کو ناش کر کے ویدک دھرم کا
اودھار کر برہمنوں کی رکشا کریں گے۔ پھر مہا رشی نے فرمایا۔ تم چاروں
اگنی سے اگنی کل کے نام سے پرسدھ ہو گے۔ تم اپنے آپ کو بھائی سمجھ کر
اگنی کل سے ہو گے۔ تم آپس میں پریم پورک رہ کر آئندہ نسل وجیہ
کرو گے۔ ایک کے سنتان میں سکھ و دکھ برابر اپجھو کرو گے۔ اسی طرح
جب تم چاروں اگنی کل کہہ کر بلو گے۔ تو بدھ مت والے تم سے
خوف کھا جائیں گے۔ اور تمہارے مقابلہ کی تاب نہ لا سکیں گے ۔

اس طرح اوپدیش دے رشی نے پریم کنوار کو مالوہ میں برودا نگری
وجگل کنوار کو گجرات کے مقام پٹن میں اپنی اپنی راجدھانی قائم کرنے
کی آگیا دی۔ اور کنوار نوازل کرا چو اور راشٹھور کو بھی حکم دیا۔ کہ
جہاں تم چاہو۔ بدھ مت والوں کا ناش کر کے اپنی راجدھانی قائم
کرو۔ اس طرح رشی کی آگیا پا ان چاروں سورماؤں نے اپنے

آپ کو اگنی کل مشہور کیا ۔

پریم کنوار اور وجگل کنوار کی معرکہ آرائیاں

پریم کنوار اور وجگل کنوار نے ابھگا رشی سے آگیا لے جنگ کی
تیاری شروع کر دی۔ اس سمے بدھ مت کے راجہ کئی ایک ان کے ماتحت
تھے مختلف جگہوں میں چھوٹے چھوٹے راجہ اپنا راج کر رہے
تھے۔ ان کی لڑائیاں اکثر ویدک دھرم والوں سے ہوتی رہتی تھیں۔
اگنی کل کے سورماؤں نے ان پر چڑھائی کر کے ان کو نشٹ کرنا شروع
کیا۔ بدھ راجوں نے بھی ان دشمنوں سے بڑی شجاعت و مردانگی
سے مقابلہ کیا۔ مگر ان کا ملک بہت جلد تاخت و تاراج ہو گیا۔ بدھ مت
شکست کھا کر دشمنوں کے ہاتھ پڑ گئے۔ ہزاروں خاندان تباہ و
برباد ہو گئے ۔

قبل از مسیح ۱۲۵ سال پریم کنوار نے تین سو بہادروں کے ایک
جرار دستے سے برودا نگری پر چڑھائی کی۔ برودا نگری والوں نے
ان کا مقابلہ آخری دم تک کیا۔ مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ پریم کنوار کے
جوش و استقلال کے سامنے ان کی کچھ پیش نہ چلی۔ جس طرف پریم
کنوار اپنی فوج لیکر بڑھتا تھا۔ ہزاروں سر قلم کر دیتا تھا۔ اس نے
برودا نگری کو جلد فتح کر لیا۔ اور رئیس برودا نگری جس کا نام جیرامل
تھا۔ گرفتار ہو گیا۔ جس کو پریم کنوار نے تیروں سے بری طرح ہلاک
کرایا۔ اس نے برودا نگری کو فتح کر کے اس کے تمام علاقہ جات فوج
کو جلا کر اپنا مستقل انتظام کیا۔ اور مستقل سکونت اختیار کی۔ پھر

[illegible]

اور اپنے جسم سے جمالی جوہر [illegible]

کی شعاعوں کو منعکس کر کے [illegible]

[illegible] جب حضرت [illegible]

ایسا واقعہ پیش آیا جس سے [illegible]

[illegible]

عالم [illegible] جس سے [illegible]

[illegible] روشنی ڈالی جائے گی۔ [illegible]

[illegible]

کی گدی پر قبضہ کر لیا۔ جو راجہ کے ہمدردوں کو ناگوار گذرا۔ جس پر انہوں نے باہمی مشورہ کرکے فیصلہ کیا کہ مہاراج بکرم کو جو اس راج کا اصلی وارث ہے۔ اور اب گرو کل میں آزادانہ زندگی بسر کر رہا ہے جس کو پرماتما نے راج کرنے کی ایک عجیب طاقت عطا کی ہے۔ بلا کر راج سنگھاسن گرہن کرنے کے لئے پرارتھنا کی جائے۔ وہ ہر طرح سے راج کا بوجھ اٹھانے کے یوگیہ ہے ۔۔

اس طرح سے ایک وفد امیروں۔ وزیروں اور برہمنوں کا بکرم کی سیوا میں گیا۔ اس سمے مہاتما بکرم آسن پر براجمان سندھیا میں مشغول تھے۔ سندھیا کے پشچات سب لوگوں نے خدمت میں حاضر ہو پرارتھنا کی۔ اے مہاتما تو دھنیہ ہے۔ دھنیہ ہے تیری کشتری کل جس میں آپ کو اُتپن ہونے کا سوبھاگیہ پراپت ہے اے دکھ ساگر سے پار کرنے والے مہاتما۔ کیا آپ اس سنسار میں اکیلے ہی سکھی رہو گے؟ کیا آپ تنہائی زندگی وتیت کرکے موکش پراپت کرنا چاہتے ہو؟ آپ کو معلوم ہو کہ آپ کے بھائی مہاراجہ بھرتری راج تیاگ کر دنیا سے کنارہ کش ہو جنگل میں چلے گئے ہیں اور ہم لوگ دکھ ساگر میں دھکیل دیئے گئے ہیں۔ وہ راجدھانی جو کہ اپنے دھرم کرم کے لئے مشہور تھی۔ آج انیائی۔ اتیاچاری دیواس کے قبضے میں ہو گئی ہے۔ جو کہ اپنے ظلم و ستم میں یکتا ہے۔ جس سے آج آپ کی ساری پرجا بیزار ہے۔ اس دشا میں سوائے آپ کے ہماری رکشا کرنے والا کوئی نہیں۔ اس لئے آپ پرجا کی رکشا کیجئے۔ اور ظالم کے ظلم سے پناہ دلایئے ۔۔

مہاراجہ بکرم بھرتری کے راج تیاگن کا سماچار سن کر بیحد چکت تھا۔ اور مہاتما لب ہو بولا۔ اے مالوہ راج کے لوگو۔ وشنو دھرم کے پجاری ایشور کے بھگتو۔ آپ لوگوں کے پیارو۔ میری اچھا تھی کہ اس جگت سنسار میں گھور پاپ بڑھ رہا ہے۔ تمام سنسار اس کے جھگڑوں میں لگا ہوا ہے۔ یہ جو نہیں سمجھ کر میں سنسار کو چھوڑ کر ایشور بھگتی میں زندگی گذاروں۔ اور آپ کے دکھ کو دور کروں! اس لئے لو چلو۔ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ مجھ کو قوم کی عزت میں ہی میری خوشی ہے ۔۔

دیواس کا قتل کرنا

اس قوی ہیکل شستر ودیا کے دھنی۔ بال برہمچاری مہاراجہ وکرم نے جب مالوہ کی راجدھانی میں قدم رکھا۔ اور دیواس کو حکمران پایا تو اس کے غصے کی کوئی انتہا باقی نہ رہی۔ فوراً یودھاؤں کو اکٹھا کر اپنی تیر کمان ہاتھ میں لے کر دیواس پر چڑھائی کی۔ پھر کیا تھا۔ چند گھنٹوں کی جنگ و جدل کے بعد دیواس کا سر دھڑ سے الگ نظر آنے لگا۔ وکرم کی فتح کے جیکارے بجنے لگے۔ ظلم کا ناش ہوا۔ اس کی جگہ امن کی ستھاپنا ہوئی۔ وکرم خوشی کے شادیانوں کے ساتھ اپنی موروثی راجدھانی کے تخت پر جلوہ افروز ہوا ۔۔

اس طرح اس کی بہادری کی دھاک چاروں عالم میں پھیل گئی۔ اس کی بہادری۔ ہمت اور حوصلہ کی کہانیاں ہر فرد و بشر کی زبان پر آنے لگیں ۔۔

مہاراجہ بکرم کی فتوحات

[illegible]

[illegible]

فرشتوں کا پڑاؤ

[illegible]

धन्वन्तरिः क्षपणकामरसिंहशङ्कुवे-
तालभट्टघटकर्परकालिदासाः।
ख्यातो वराहमिहिरो नृपतेः सभायां
रत्नानि वै वररुचिर्नव विक्रमस्य॥

(۱) دھنونتری۔ آریوید کا نہایت مشہور وید تھا۔
(۲) کشپنک۔ بہت وچار کر جواب دینے والا تھا۔
(۳) امر سنگھ۔ امر کوش کے بنانے والا۔
(۴) شنکو۔ ہر ایک بات کو سوچنے والا اور بحث کرنے والا۔
(۵) بیتال بھٹ۔ منتری اور خوش کرنے والا۔
(۶) گھٹ کھرپر۔ پروہت۔
(۷) کالیداس۔ سنسکرت کا اعلیٰ کوی۔
(۸) وراہ مہر۔ نجم ہندسہ دان۔
(۹) وررُوچی۔ پراکرت ویاکرن کے مصنف۔
یہ نو مہا پرش دربار کے نورتن تسلیم کئے گئے۔

مہاراجہ بکرم کا سمت جاری کرنا

ایک دن وزیروں نے باہمی مشورہ کیا کہ اب مہاراجہ کی سلطنت دور دور تک پھیل گئی ہے۔ تمام ملک ان کے زیر سایہ آ چکا ہے۔ کوئی ایسا نہیں جو ان کے مقابلہ کا دم بھر سکے۔ تمام خزانے دولت سے بھرے ہیں۔ اس لئے اب مہاراجہ بکرم کو اپنا لقب شہنشاہ یعنی

کر لیا جائے۔ اور اپنے نام کا سمت جاری کیا جائے۔ سو وچار کر کے یہ سوال پیش کرنے کی پرارتھنا کی۔ مہاراجہ بکرم شنکو اور کشپنک کی طرف مخاطب ہو کر فرمانے لگے۔ آپ ودوان ہیں۔ آپ جانتے ہیں۔ کہ وہ اصل سمت وہی راجہ جاری کر سکتا ہے جس کا راج تمام پرتھوی پر ہو۔ جس کے آدھین بڑے بڑے مہاراجہ ہوں۔

منتریوں نے راجہ کا فرمان سن کر کہا۔ راجن! یہ بالکل ٹھیک ہے۔ اس لئے آپ قیصر جولیس کو جو روم کا بادشاہ ہے جس کے ماتحت بہت سے مہاراجے ہیں۔ اور اس نے اپنی طاقت سے بڑے بڑے راجوں مہاراجوں کو فتح کر کے اس قدر مغرور کر دیا ہے۔ جن کا اٹھنا محال ہے۔ بہت راجوں کو قید میں ڈال رکھا ہے۔ جو اس کے آگے تمام یورپ اور ایشیا کے راجے سر تسلیم خم کرتے ہیں اس لئے آپ کا پہلا فرض ہے کہ آپ اس ظالم راجہ کے پنجہ سے تمام راجوں مہاراجوں کو جو کہ ظلم و ستم کی چکی سے عاجز اس کے قید خانوں میں سڑ رہے ہیں۔ آزاد کرا دیں۔ اس سے آپ کی نیک نامی اور شہرت ہوگی۔ پھر آپ سمت بھی بلا کھٹکے جاری کر سکیں گے

حسب مشورہ وزراء مہاراجہ بکرم نے شہنشاہ جولیس سے جنگ چھیڑ دی۔ چند ہی دنوں کی لڑائی کے بعد مہاراجہ بکرم کامیاب ہوا۔ تمام راجوں مہاراجوں کو آزاد کرا شہنشاہ جولیس کو قید کر کے اپنی راجدھانی اجین میں لے آیا۔ اس طرح تمام دنیا پر اپنا سمت جاری کیا۔ اور اپنا لقب وکرم آدتیہ رکھا۔ جس سے مہاراجہ وکرم آدتیہ نے راجہ جولیس کو تمام عزت و شان کے ساتھ

روم کا راج اس کو عطا کر روم کی طرف روانہ کیا۔ جہاں جا کر وہ حکمرانی کرنے میں مشغول و مصروف ہو گیا ۔

مہاراجہ بکرم آدیتیہ کا پراوپکار

مہاراجہ بکرم آدیتیہ بہت پراوپکاری تھا۔ یہ پراوپکار میں ہر وقت مصروف رہتا تھا۔ اس نے اپنے راج میں ہر ایک [illegible] کے وظیفے مقرر کئے تھے۔ جن سے علم و ہنر میں دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی ہونے لگی۔ یہ خود زمین پر چٹائی بچھا کر سوتا تھا۔ اور اپنے اشنان کے لئے خود ہی دریا سے پانی بھر کر لاتا تھا ۔

راجہ سالباہن سے لڑائی اور موت

[illegible] کشمیر فتح ہو کر مہاراجہ بکرم آدیتیہ کے آدھین آ چکا تھا۔ [illegible] سیتا [illegible] بہت وہاں پر حکمرانی کر رہا تھا۔ [illegible] کشمیر بھی جنگلوں میں اپنی فوج جمع [illegible] سالباہن کا گھنڈ وہاں سے چلا۔ کنشک [illegible] کے چہرے سے جلال ٹپک رہا تھا۔ [illegible] فوج کا دستہ دیکھ کر کشمیر پہنچ [illegible] کنشک کی تلواروں میں بہت [illegible] خوشی میں [illegible] نے سالباہن [illegible]

روانہ کیا۔ جس وقت سالباہن نے بے خبری میں اُجین پر حملہ کیا اُجین اُسی وقت بہادر وکرم اپنی شور بیر فوج کو لیکر مقابلے کے لئے میدان میں اتر آیا۔ اور خونخوار جنگ شروع کر دی۔ کئی روز تک بے انتہا خونریزی ہوتی رہی۔ دونوں طرف کے ہزاروں آدمی لڑائی میں کام آئے۔ بہادر کشتری جس طرف اپنی تلواروں کا رخ پھیرتے تھے۔ اسی طرف ہزاروں کے سر قلم کر دیتے تھے۔ جب دونوں طرف کی بہت سی فوج میدان جنگ میں کام آ چکی۔ بیر وکرم آدیتیہ اپنی تلوار میان سے نکال خود میدان جنگ میں آ ڈٹا۔ اور اپنی بہادری کے جوہر دکھانے لگا۔ سالباہن کو اس قدر زخمی کیا۔ کہ وہ اس کی تلوار کے آگے اب نہ ٹھہر سکا۔ وہ بری طرح زخمی ہو میدان جنگ سے بھاگ نکلا۔ چونکہ مہاراجہ وکرم بھی بہت زخمی ہو چکا تھا۔ اس لئے اس کے جان نثاروں نے اس کو موقع پا کر محلوں میں پہنچا دیا ۔

مہارانی سکھاوتری کا جنگ

جب مہارانی سکھاوتری نے دیکھا کہ راجہ کنشک ہزاروں کی جرار فوج لیکر مہاراجہ بکرم آدیتیہ کے محلوں کو گھیرا ڈالے بیٹھا ہے اور شور بیر کرم یوگی وکرم بیہوش پڑا ہے۔ اپنے [illegible] سو کشتری بیروں کو ساتھ لے میدان جنگ میں کنشک کے مقابلے پر جا ڈٹی۔ مہارانی تھا کشتری سورماؤں کی تلواروں نے دشمن کی فوج کے چھکے چھڑا دیئے۔ اور کنشک بھی خونریزی سے تنگ آ گیا۔ اور صلح کے لئے آواز بلند کی۔ رانی نے کنشک کو شرن میں آیا جان کر

بخش دیا۔ اور اپنی فوج کو محلوں کی طرف واپس جانے کا حکم دیا۔ چونکہ
مہارانی کی فوج محلوں کو واپس جا رہی تھی۔ یکایک کنشک نے پیچھے سے
حملہ کر دیا۔ تب کیا تھا۔ رانی کی فوج … بھیڑ کی طرح دشمن کی فوج
پر ٹوٹ پڑی۔ … کشتوں کے پشتے لگ گئے۔ رانی بھی
بری طرح زخمی ہو … پر آ گری۔ جب … نے اپنی چالاکی اور
دانائی سے فوراً … اس لڑائی میں سخت …
کشتری … کام آئے۔ … میں سے چار باقی بچے ہوں
چونکہ مہاراجہ وکرم آدتیہ پہلے ہی زخمی ہو کر محلوں میں آ چکا تھا۔ اور
… جنگ کے حالات اور مہارانی کی مردانگیاں سن سن
کر اپنی زندگی کے … رہا تھا۔ کہ کسی نے باہر سے آ کر خبر دی۔ کہ
مہارانی … دشمنوں کو موت کے گھاٹ اتار کر خود بھی … گود میں
چلی گئی۔ مہاراجہ وکرم چونکہ مہارانی کی نشان بازی کا قائل تھا۔ اس خبر کو
سنتے ہی اپنی زبان سے … کرتا ہوا کہ اے ایشور آپ کو یہی
منظور تھا۔ سرگباش ہو گیا ہے

جس وقت مہارانی کے زخمی … کو لایا گیا۔ تو مہارانی نے اپنی
… اپنے پتی کو … میں بیٹھے ہوئے دیکھ کر خود
بھی پران تیاگ دیئے۔ اور اپنے پتی کے پاس دیولوک میں پہنچ گئی
چونکہ مہاراجہ وکرم آدتیہ کے سوائے ایک کنیا کے کوئی لڑکا نہ تھا۔ اس
نے اس کو … وکرم … ریتی کے …
پر جانے گیا۔ پس جب تک … اور سورج چندرما … ہیں
جب تک … اپنی جگہ پر قائم ہے۔ جب تک آریہ جاتی کا بچہ بچہ

جانی ہے۔ تب تک … جھلکت … پڑھ پڑھ کر
دل … بیر وکرم آدتیہ کا نام روشن رہیگا۔ اس کی … سے ہر ایک
بھارتی بچہ کو سبق گرہن کرنا چاہیئے ہے

مہاتما بھرتری

مہاتما بھرتری مہاراجہ گندھرب سین کے پتر تھے۔ آپ کے دو بھائی
آپ سے بڑے … اور وکرم تھے۔ بھرتری … کے … اس
طرح … گدی نشین ہو گئے۔ مگر … کا
سایہ آپ کے سروں سے جلدی ہی اٹھ گیا۔ اس وقت وکرم …
سر پر موجود رہے۔ راج پاٹ کا … بھی وکرم تھا۔ مگر … کی
عجب لیلا ہے۔ کہ وکرم گدی کو گرہن کرنے سے انکاری ہو … چھوٹے
بھائی کو راج … جنگلوں میں … چلا گیا۔ تب بھرتری
نے راج کی باگ ڈور ہاتھ میں لی۔ اور … انجام دیتے رہے۔
آپ نے راج سنگھاسن پر بیٹھتے ہی راج کو بہت … دی۔ کیونکہ
آپ … اور … پوری … رکھتے تھے۔ آپ نے
پرجا کی بہتری اور بہبودی کے لئے … قانون چلائے جو
جاری … جن کی آج … قدر و منزلت ہے ہے

بھرتری کی شادی

چونکہ آپ نے راج کی شان حکومت اپنے ہاتھ میں سنبھالی تھی
اس لئے آپ کو امیروں وزیروں نے شادی کے لئے کہا۔ جس کو

[illegible]

مہارانی کی عیاشی کا بھید

[illegible]

[illegible]

مہاراجہ بھرتری کا اُپدیش

[illegible]

کنور ونگل

پریم کنوار کا چھوٹا بھائی تھا۔ یہ بھی اپنے بڑے بھائی کے ہمراہ ملک کی سیوا کرنے کے لئے گھر سے نکل آیا تھا۔ بنگال میں [illegible] گیا۔ پھر اس نے اپنی راجدھانی بمقام پٹن گجرات میں قائم کی۔ اس نے بھی پریم کنوار کی طرح بڑا [illegible] بدھ مت والوں کو ناش کر کے ویدک دھرم کو پھر سے جیوت کیا۔ جین مت سے بودھ راجوں کو پراست کر ان کے علاقے اپنے قبضے میں کر لئے۔ یہ بڑا بہادر اور دانا تھا۔ اس کی بہادری کی دھاک چاروں عالم میں بج رہی تھی۔ اس کی نسل میں مہاراجہ سودھی نام کا فرمانروا سنقتال میں ہوا۔ جس کی نسل میں مہاراجہ سالباہن ہوا۔ جس نے مسلمین قوم کا ناش کر کے ویدک دھرم کا پھر پرچار کیا۔

راجہ سودھی

مہاراجہ ونگل کی اولاد میں سودھی نام کا راجہ ہوا ہے۔ یہ سنقتال میں حکمران تھا۔ اس کے ایک لڑکا اور ایک لڑکی تھی۔ یہ راجہ اپنے لخت جگر کے گم ہو جانے سے دکھی ہو کر جنگلوں میں چلا گیا۔

سالباہن

یہ چار سال کی اوستھا میں گھر سے گم ہو گیا تھا۔ اس سمے سے

(۷) جہاں تک ہو سکے اپنا کام چھوڑ کر دوسرے کی سہائتا کرے۔ اس سے ہی سچا سکھ مل سکتا ہے اور پرماتما کی طرف اونچی ہو سکتی ہے۔

(۸) جو چاہے گھر میں بیٹھ [illegible] بنوں۔ تو اس کو لازم ہے کہ وہ مصیبت و خوشی میں اپنی زندگی کو یکساں رکھے۔

(۹) وید کے گیان کو پراپت کر کے دنیاوی خواہشوں کو تیاگ دے۔

(۱۰) کام دیو کی آگ سے عیش و عشرت کی آگ بھڑکتی ہے۔ اس لئے آدمی کو برہمچریہ برت دھارن کر کے ہمیشہ کام دیو کی چیشٹا سے بچنا چاہئے۔ کیونکہ عیش و عشرت سے عقل، خود بخود رکی اور خیالات کی پاکیزگی سب کا ناش ہو جاتی ہے۔

(۱۱) ہمارا آدمی کو ہر ایک پرانی سے پریم پورک رہنا چاہئے۔

بھرتری ہری جی نے گرو اوپدیش سے شاہی لباس اتار فقیروں کا لباس دھارن کر جنگل کو روانہ ہوا۔ وہ ایک عرصہ دراز تک [illegible] گرو کی خدمت کرتا رہا۔ اور گیان کو پراپت کیا۔ یوگ ودیا کو گرہن کیا۔ مہاتما بھرتری ہری نے ویراگ گرہن کر کے بہت سی پستکیں لکھیں۔ مہاتما بھرتری ہری کی بھگتی کی کہانیاں آج بھی بچہ بچہ کی زبان پر ہیں۔ ہمارا [illegible] کر کے ہر سال بھرتری ہری کا ناٹک کھیلے جاتے ہیں۔ مگر افسوس ہمارے ملک کے نوجوان بھرتری ہری کے اوپدیش کو دل میں گرہن نہیں کرتے۔ اگر بھرتری ہری جی کے جیون سے کچھ سکشا حاصل کی جائے۔ تو وہ کبھی دکھ ساگر میں نہیں جا سکتا۔ اس مہاتما کا نام ہمیشہ زندہ رہیگا۔

چنانچہ راجہ سورج [illegible] مشکلات میں گھرا ہوا تھا۔ یہ بات [illegible] کر رہا تھا [illegible]
ہو گئے تھے۔ اس دوران میں ساویا ہن جس کا اصلی نام شانک جھرن
تھا۔ ایک گمار کے گھر میں پرورش پا رہا تھا۔ سات سال کی عمر میں
یتیم ہو گیا۔ ایک روز ترہٹ [illegible] کے ہاں آکر ملازم ہو گیا۔
راجہ ترہٹ کی اکلوتی چندر کلا تھی۔ جو کہ اپنی خوبصورتی کے لحاظ
سے وشنو پری کے حق [illegible] ایک چندر کماری کو بھائی سمجھتی۔ جس کا نام
[illegible] تھا۔ [illegible] وہ خوبصورت جمال کے ہمراہ ساویا ہن بھی
کھیلا کرتا تھا۔ چندر کماری اور ساویا ہن کی محبت ایک دوسرے سے
بڑھنے لگی۔ یہاں تک نوبت پہنچی کہ ایک روز جنگل میں
جا کر چندر کماری اور ساویا ہن دونوں نے آپس میں شادی کر لی۔ اور
پوشیدہ طور سے گرہست بسر کرنے لگے۔ ہوتے ہوتے چندر کماری
کو ایک دن حمل ہو گیا۔

دوسری طرف راجہ ترہٹ اپنی کنیا کو جوان دیکھ کر [illegible] پہنچے کے
اس کی شادی کے فکر میں تھا کہ وقت شیام چرن موریہ نے
جو کہ مہاراجہ چندر گپت کی نسل سے مگدھ پر حکمران تھا۔ [illegible]
راجہ ترہٹ سے چندر کماری کی شادی کے لئے درخواست کی۔
راجہ ترہٹ نے اس پیغام کو بڑی خوشی سے سنا اور منظور کیا۔ شادی
کی تیاریاں کرنے لگے۔ اس کی خبر چندر کماری کو ملی تو وہ بیہوش ہو کر
زمین پر گر پڑی۔ راجہ ترہٹ نے فوراً حکیم وید بلوا کر چندر کماری
کا علاج شروع کیا۔ آخر کار ویدوں نے چندر کماری کی بیماری کی
تشخیص کی۔ اور حمل کا راز بتایا۔ جس کو سن کر راجہ ترہٹ کے ہوش

اڑ گئے [illegible] ہو گئے۔ خفیہ تحقیقات کرائی گئی [illegible]۔ جس سے راجہ
ترہٹ نے ساویا ہن کو گھر سے نکال دیا۔

راجہ شیام چرن موریہ کی شادی

چونکہ شیام چرن موریہ چندر کماری کے حسن و جمال پر اس قدر
فریفتہ ہو گیا تھا۔ اور اس کی محبت میں اتنا غرق تھا کہ وہ دھرم
کرم سب بھول گیا۔ اس کو تمام [illegible] سے الگ کر دیا گیا۔ مگر وہ فوراً
[illegible] چندر کماری سے شادی کر کے اپنے محلوں میں لے گیا۔ اور عیش
و عشرت میں مگن ہو گیا۔

لیکن موریہ چندر کماری کے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا [illegible]
[illegible] شیام چرن کے ہمراہ [illegible]
[illegible] کی اجازت تھی۔ چندر کماری [illegible]
[illegible] ساویا ہن [illegible]
[illegible] ایک دن [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

راجہ کرن سنگھ [illegible] کشمیر کی ملازمت میں داخل ہو گیا۔ راجہ کرن سنگھ [illegible] بھی اس خوبصورت [illegible] کو پا کر بہت خوش ہوا [illegible] ایک دستہ اس کے [illegible] کی آگیا تھی۔ جس سے سالباہن [illegible] جنگ سے [illegible] وہ جول کرتا رہا ۔

سالباہن کا زخمی ہو میدان جنگ سے بھاگنا اور

برہمن کی ملاقات

چونکہ وہ لوگ وحشی [illegible] سالباہن چار سال کی اوستھا میں ہی گھر سے گم ہو گیا تھا جس سے شکل و صورت [illegible] جس کے سبب سے بھائی [illegible] کوئی [illegible] کام نہیں تھا [illegible] وقت [illegible] سالباہن میدان جنگ سے [illegible] [illegible] کے [illegible] جہاں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible] دونوں بھائی [illegible] ایک دوسرے سے [illegible] بھائی کی ملاقات ہوئی ۔

اس کے [illegible] سالباہن [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] اس کے ہمراہ چلی گئی ۔

ڈھانو دیو

ڈھانو دیو [illegible] راجہ [illegible] کی دو بیٹیاں [illegible] ایک کا نام [illegible] اور دوسری کا نام [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible]

کنور بیر بھان

یہ مہاراجہ اگرسین کا ساتواں لڑکا تھا۔ اس کی اول شادی مہاراجہ چیتہ چند والے پورن جی کی کنیا چندرا دیوی سے اور دوسری مہاراجہ [illegible] کی کنیا شوبھتی سے ہوئی تھی۔ جن کے بطن سے چار لڑکے اور چار لڑکیاں اور تین [illegible] ہوئیں۔ جن میں سے جیت [illegible] ایک لڑکا [illegible] کنیا تو رانی چندرا دیوی سے جو گر راج [illegible] کہلائی۔ دوسری رانی شوبھتی کے بطن سے [illegible] تین لڑکے اور تین کنیا [illegible] پھول دیوی [illegible] ہو کر [illegible] کہلائیں۔ باقی حالات اس کی اولاد کے [illegible]

کنور راج دیو

[illegible]

کنور جیت جنگ

یہ مہاراجہ اگرسین کا آٹھواں کنور تھا۔ اس کی اول شادی [illegible] کے راجہ [illegible] کی کنیا [illegible] سے ہوئی۔ دوسری شادی راجہ [illegible] سنگھ کی کنیا [illegible] دیوی سے ہوئی۔ رانی [illegible] کے بطن سے [illegible] دو لڑکے اور [illegible] دیوی [illegible] کی اور [illegible] تین کنیا پیدا ہوئیں۔ جن کی اولاد راج [illegible] کہلائی۔ دوسری رانی [illegible] کے [illegible] چند [illegible] لڑکے اور [illegible] دیوی۔ [illegible] تین کنیا [illegible] جن کی اولاد [illegible] کہلائی۔ اس کی اولاد میں [illegible] کی اولاد میں [illegible] پیدا ہوا۔ جس نے آگرہ [illegible] کو آباد کرایا۔

کنور [illegible]

یہ مہاراجہ اگرسین کا دسواں لڑکا تھا جس کی اول شادی [illegible] کے راجہ [illegible] کی بیٹی [illegible] دیوی سے دوسری شادی راجہ [illegible] کی کنیا [illegible] سے ہوئی۔ جس سے مہارانی [illegible] کے بطن سے [illegible] ایک لڑکا اور [illegible] ایک کنیا پیدا ہوئی۔ جن کی اولاد راج [illegible] کہلائی۔ مہارانی [illegible] سے [illegible] تین لڑکے [illegible] دیوی۔ [illegible] تین کنیا [illegible] ہوئیں جن کی اولاد [illegible] کہلائی جن میں [illegible]

[illegible]



[illegible] میاں [illegible] اور چھوٹا [illegible] ولادت [illegible]
[illegible] وغیرہ [illegible] پیدا ہوئے۔
تپّہ کے گاؤں میں [illegible] کی اولاد میں [illegible] چودھری
[illegible] میں بھیجرل کو حکم ہوا۔ [illegible] کے بڑے لڑکے [illegible] سے
[illegible] آباد کیا۔ جو کہ اب دھنول کے قریب [illegible]
[illegible] جو کہ صرف [illegible] آباد [illegible] کے [illegible]
[illegible] کی اولاد دھنولیہ [illegible]
وال۔ [illegible] سے گاؤں میں آباد [illegible] اور
[illegible] زندگی بسر کر رہی ہے۔ [illegible]
[illegible] حاصل ہے۔

شجرہ نسب بھیجرل دھنولیہ

بھیجرل
[illegible] رام
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] رام
[illegible]
[illegible]



کنور امرت سین

یہ مہاراجہ اگرسین کا [illegible] تھا۔ جس کی اول شادی [illegible] سے ہوئی۔ دوسری شادی راجہ [illegible] کی کنیا [illegible] سے ہوئی [illegible] کے بطن سے [illegible] لڑکے [illegible] دوسری [illegible] سے [illegible] کنیا [illegible] جن کی اولاد [illegible] کہلائی۔

کنور اندرمل عرف اندرسین

یہ مہاراجہ اگرسین کا [illegible] تھا۔ جس کی پہلی شادی راجہ [illegible]

[illegible] کی کنیا [illegible] دیوی سے ہوئی جس کے بطن سے [illegible] ایک لڑکا اور [illegible] ایک کنیا [illegible] ہوئی [illegible] کہلائی۔ دوسری شادی راجہ [illegible] کی کنیا [illegible] سے ہوئی جس کے بطن سے [illegible] لڑکے اور [illegible] کنیا [illegible] جن کی اولاد [illegible] کہلائی۔

کنور تاراچند

یہ کنور مہاراجہ اگرسین کا [illegible] بیٹا تھا۔ جس کی اول شادی [illegible] کی کنیا [illegible] سے ہوئی جس کے بطن سے [illegible] دو لڑکے اور [illegible] ایک کنیا [illegible] کی اولاد [illegible] کہلائی۔

دوسری شادی راجہ [illegible] کی کنیا [illegible] سے ہوئی جس کے بطن سے [illegible] لڑکے [illegible] جن کی اولاد [illegible] کہلائی۔

کنور سندھاپت

یہ مہاراجہ اگرسین کا [illegible] بیٹا تھا۔ جس کی اول شادی راجہ [illegible] کی کنیا [illegible] سے ہوئی جس کے بطن سے [illegible] ایک کنیا [illegible] جن کی اولاد [illegible] کہلائی۔ دوسری شادی راجہ [illegible] کی کنیا [illegible] سے

ہوئی۔ جس کے بطن سے ریلا شو۔ ویدا شو۔ گھوور شو تین لڑکے
ضرور تی، سرسوتی، یا جو تی نہیں گنتیا تک پیدا ہوئیں۔ جن کی اولاد میں
جنسی کہلائی۔ اس کی اولاد میں ہی ایلا شو کی اولاد میں مہاتما گوتم بدھ
بانی بدھ مت پیدا ہوا ۔

مہاتما بدھ

جس وقت جبکہ بھارت ورش میں مت متانتروں کی اندھیری
چھا رہی تھی۔ اس وقت جبکہ ویدک گیان لوپ ہو رہا تھا۔ برہمن
لوگ اور دنیا کے دھارمک آریہ لوگوں کو الٹے مارگ کی طرف لے جا رہے
تھے۔ اہنسا دھرم کو ترک کر کے ہنسا کو دھرم مان بیٹھے تھے۔ یگیوں کے نام پر
ہزاروں بے گناہ جانوروں کو مار دیا کرتے تھے۔ دھرم اب و پروہتوں
کی کرپا سے سنسار کے کشٹ دور کرنے کے لئے مہاتما گوتم بدھ کو
جنم لینا پڑا۔ وہ راجہ شدھودھن کے گھر ہوا ۔

یہ لڑکپن شروع سے ہی فکروں میں مبتلا رہنے لگا۔ گویا اوائل عمر میں
ہی دنیا کے پاپ اور دنیا کی بے ثباتی نے اپنا اثر ان کے دل پر
جما لیا تھا۔ مہاتما گوتم جب جوان اوستھا کو پراپت ہوئے۔ تو ان کے
پتا نے ان کی شادی کوسل کے راجہ کی لڑکی یشودھرا سے کر دی۔
دس سال کے بعد ان کے ایک لڑکا پیدا ہوا۔ مہاتما کی عمر شروع
سے ہی اس خیال میں محو تھا کہ یہ دنیا کیا ہے دنیا میں ان کے اندر اس
قدر پاپ کیوں ہیں۔ کس طرح دور ہوں۔ آخرکار مہاتما بدھ اس سوچ
و چار میں ایک رات گھر سے نکل گیا۔ شاہی لباس اتار فقیری لباس

دھارن کیا۔ کئی سالوں تک ودیا کی تلاش میں ادھر ادھر بھٹکتا رہا
مگر سنتوش نہ ہوا۔ آخرکار بعد مدت گیان چکشو کھلے۔ دل کو خیال
ہوا کہ ہر ایک پرانی ماتر سے پریم کرنا۔ اپنی زندگی کو پاکیزگی سے
گزارنا ہی وہ مکتی کا سادھن ہے۔ جس سے پرماتما ایک روحانی سچی
ہے اور انسان کو پورا اطمینان حاصل ہو سکتا ہے۔ یہی دھرم کی سچی
سیڑھی ہے۔ اس کا پرچار کرنا اب دوسروں کو لانا بھی ...

بدھ کا پرچار

تب مہاتما بدھ نے ان اصولوں کا پرچار شروع کیا۔ جس سے
ہزاروں دھرم ابھلاشی آپ کے اصولوں کو مان آپ کے انویائی ہو گئے
یہاں تک کہ آپ کی تعلیم کے آگے راجوں مہاراجوں نے سر جھکایا۔
سارا مگدھ، ویشالی اس کے ارد گرد کا علاقہ اس کا پیرو ہو گیا۔ اس کا
جوان چین اور ... بھی بدھ دھرم کے پرچار میں کامیاب رہے ۔

مہاتما بدھ کی تعلیم

مہاتما بدھ نے نروان کی تعلیم دی۔ اس کے نزدیک ذات پات
کی تمیز نہ تھی۔ وہ ہر ایک کو ایک جیسا سمجھتا تھا۔ بدھ دھرم
میں سب برابر کا درجہ پاتے تھے۔ امیر غریب کا لحاظ نہ تھا۔ اگر
کوئی تمیز تھی تو وہ لیاقت اور نیکی کی تھی۔ چنانچہ بدھ مت کے نزدیک
سما یہ ایک شخص اپالی کو جو کہ ذات کا نائی تھا۔ اور دوسرا سنیتا
جو جنم سے بھنگی تھا۔ اچاریہ کی پدوی ملی ۔

مہاتما بدھ کے اُصول

(۱) چوری نہ کرنا (۲) کسی کو نہ مارنا (۳) زنا نہ کرنا (۴) جھوٹ نہ بولنا (۵) کسی دوسرے کے برخلاف چغلخوری نہ کرنا (۶) لالچ نہ کرنا (۷) نفرت نہ کرنا (۸) جہالت سے بچنا۔ ان اصولوں سے پایا ثابت ہوتا ہے۔ کہ مہاتما بدھ کا خاص منشا ویدک دھرم کو پھر جیوت کرنے کا تھا۔ کیونکہ یہ تمام اصول بوجہ جہالت اور دقیانوسی کے لوپ ہو گئے تھے۔ وہ چاہتا تھا کہ یہ از سرِ نو ہر ایک شخص کی زندگی میں پرویش ہو جائیں۔ جس سے سنسار میں شانتی تھا سچا سکھ نصیب ہو۔ اس لئے ہی مہاتما بدھ نے ہر ایک انسان کے چلنے یوگ آٹھ پرکار کا سچا مارگ بتلایا تھا۔ جس پر انسان عمل کرتا ہوا سچا سکھ پراپت کرے وہ یہ ہے۔ سچا وشواش۔ سچا خیال۔ سچا واکیہ۔ سچا کرم۔ سچا ذریعہ معاش۔ سچا پرشارتھ۔ سچی سمرتی اور سچا دھیان۔ یہ ایسا راستہ ہے۔ جس پر عمل کرتا ہوا انسان غلامی سے بچ سکتا ہے۔ دوسری طرف تارک الدنیا ہونے سے محفوظ رہتا ہے۔

اس طرح مہاتما بدھ آخر دم تک اپنے شدھ پوتر جیون سے اپدیش کا نشاد دیتے ہوئے ۴۸۳ قبل از مسیح پرماتما کی پیاری گود میں چلے گئے۔ وہ پون آتما ۵۶۳ قبل از مسیح اس تخت دنیا پر اپنی رحمت ابر سے دُنیا کو فیضیاب کرنے کے لئے آیا تھا۔ ۴۸۳ قبل از مسیح واپس

ل بودھ گیا (بہار) [illegible] جہاں سے [illegible] دی جاتی تھی۔ [illegible] مہاتما بدھ ہوئے تھے۔ [illegible] ہوا تھا اس [illegible] سے انکو [illegible] کی یدھ بی لی۔

چلا گیا۔ اس طرح سے اس پوتر آتما نے اپنے جیون سے ۸۰ برس بھارت ورش کی بھومی پر دھرم کی برسات کی۔ جس برسات سے دُنیا کا الغرض یہ وہ تمام عالم فیضیاب ہوا۔

کنور جھتول

مہاراجہ اگرسین کا پندرھواں لڑکا تھا۔ اس کی اوّل شادی راجہ سنہ صورا سنگھ تارا شہر کی راجکماری گوہتی سے ہوئی جس کے بطن سے پرجھول ـ لوکھلے لال دو لڑکے اور گیان وتی۔ گمان دیوی کی دو کنیا ہیں اُوتپن ہوئیں۔ جن کی اولاد راج ہنسی کہلائی۔

دوسری شادی کی راجہ ہاسک کی کنیا راداوتی سے ہوئی۔ جس کے بطن سے چھالا شو۔ لولا لشو۔ تارا شو تین لڑکے اور کھوتی۔ لولاوتی۔ گوونتی تین کنیا ہیں پیدا ہوئیں۔ جن کی اولاد رلیں ہنسی کہلائی۔

کنور نار سنگھ عرف نار سین

مہاراجہ اگرسین کا سولھواں بیٹا تھا۔ اس کی اوّل شادی مہاراجہ یشی واٹے سندھو پور کی کنیا بیل وتی سے ہوئی۔ جس کے بطن سے گیندالال ایک لڑکا کلم دیوی ایک کنیا پیدا ہوئی۔ جن کی اولاد راج ہنسی کہلائی۔

ل آگرہ اچوت اپنے آپ کو جھتول کے لڑکے پرجھول کی اولاد سے مانتے ہیں۔ اور اپنا خطاب اگروت رکھتے ہیں۔

ل کنور نار سین اور کنور دھوسین کی اولاد کے حالات دستیاب نہیں ہوئے آگے کوشش کر کے دوسرے ایڈیشن میں درج کئے جائیں گے۔

دوسری شادی راجہ باسک کی کنیا اشاوتی سے ہوئی۔ جس کے بطن سے تین لڑکے بھوپا شو۔ بھوما شو۔ سمبرت پرشاد۔ اور تین کنیائیں سلونا دیوی۔ سمردیا دیوی۔ ساما دیوی اُتپن ہوئیں جن کی اولاد بیس بنسی کہلائی ۔

کنور مادھو سین

مادھو سین مہاراجہ اگرسین کا سترھواں بیٹا تھا۔ جس کی اوّل شادی راجہ بجان والے نان پور کی کنیا موہنی سے ہوئی۔ جس کے بطن سے تین ل، جیجپال دو لڑکے اور جسو دیوی ایک کنیا اُتپن ہوئی۔ جن کی اولاد راج بنسی کہلائی ۔

دوسری شادی راجہ باسک کی کنیا نوتنگ دیوی سے ہوئی جس کے بطن سے ادھادیو۔ بھوپ دیو دو لڑکے اور پریم وتی چندرموتی دو کنیائیں پیدا ہوئیں جن کی اولاد بس بنسی کہلائی۔

کنور گنگو دھر

مہاراجہ اگرسین کا اٹھارھواں لڑکا تھا۔ جس کی اوّل شادی راجہ مدرشی والے بلک چراو کی راجکماری تاراوتی سے ہوئی۔ جس کے بطن سے روپ مکھالی۔ تنوپال دو لڑکے اور چمپا وتی ایک کنیا اُتپن ہوئی۔ جس کی اولاد راج بنسی کہلائی ۔

دوسری شادی راجہ باسک کی کنیا مدھوونتی سے ہوئی جس

نوٹ: روپ مکھالی کی اولاد آجکل اگر آوہ کی طاقت پیچھے کنگو ہتھا کہتی ہے ۔

کے بطن سے ویراج۔ شوکراشو۔ سین دیو تین لڑکے اور دیاوتی ستیا دیوی دو لڑکیاں اُتپن ہوئیں۔ جن کی اولاد اگ بنسی ورتھا تہ بنسی کہلائی ۔

چھٹا کھنڈ

جہاں تک مہاراجہ اگرسین کی اولاد کے حالات ملے ورنن کر چکا ہوں۔ اب اگروالوں کے باقی بنش کے حالات جس قدر دستیاب ہوئے ہیں۔ ورنن کرونگا۔ اور ستنے اندازہ باقی حالات پر روشنی ڈالنے کی کوشش کرونگا۔ امید ہے کہ میرے اگروال بھائی وچار پورک اپنے پوروجوں کے جیون پر تحقیقات کر اپنے جیون میں ان کے اولیہ گنوں کو دھارن کریں گے۔ اب اگروالوں کے گوتر دیوی۔ وید۔ شاکھا۔ سوتر۔ پرور۔ ستی وغیرہ تحریر کرتا ہوں ۔

नं.	नाम	मुख्य गोत्र	[illegible] गोत्र	वेद	शाखा	सूत्र	प्रवर
१	[illegible]	गर्ग	[illegible]	यजुर्वेद	माध्यंदिनी	कात्यायनी	पांच प्रवर
२	[illegible]	[illegible]	[illegible]	"	"	"	[illegible] प्रवर
३	[illegible]	[illegible]	[illegible]	सामवेद	कौथुमी	गोभिल	"

نوٹ: بنش دیوی کی اولاد یہ ہے آپ کو بنش بتا کر [illegible] دیکھو بنشاولی بنش شاکر ۔

مہاراجہ نند

قبل از مسیح ۳۲۶ء اگروہیہ کی گدی پر مہاراجہ نند حکمران تھا جس کے ماتحت اور بہت سارے اگروال راجے تھے۔ مگر مذہب سے بدھ ہونے کے کارن مہاراجہ کہلاتا تھا۔ اور حکمرانی کرتا تھا۔ اس کے ہر ایک خاندان کا مکھیا اپنے اپنے خاندان کا راجہ کہلاتا تھا۔ اگروہیہ میں اگروال بنس کے ایک سو خاندان مہاراجہ نند کی ماتحتی میں حکمران تھے۔ ان میں نند کا بھتیجا امرسین بھی ایک بڑے گھرانے کا مکھیا تھا۔ اور اچھی طاقت رکھتا تھا ۔

سکندر کی اگروہیہ پر معرکہ آرائیاں

سکندر نے گیارہ مرتبہ اگروہیہ کو فتح کرنے کے لئے اس پر حملہ کیا مگر امرسین کی بہادر اولاد نے بڑی بہادری سے اس کو بُری طرح سے زک دیکر بھگا دیا۔ سکندر ہی ویروں کی تلواروں کے سامنے تاب نہ لاکر شکست پر شکست کھا کر واپس لوٹتا رہا۔ مگر ہمت نہ ہاری۔
سکندر اعظم بڑا چالاک اور چالباز تھا۔ اب اس نے چالبازیوں اور فریبوں سے کام لینا چاہا۔ کیونکہ اس کو تجربہ ہو گیا تھا۔ کہ جب تک اگروال آپس میں پھاڑا نہ جائیگا۔ تب تک دنیا کی کوئی طاقت بھی ان کو مغلوب نہیں کر سکتی۔ اس لئے اگروالوں کے درمیان نا اتفاقی پیدا کرنے کے لئے ہزاروں چالیں چلیں جن میں یہ آخر میں کامیاب ہو گیا ۔

नं०	नाम	[illegible] गोत्र	[illegible] गोत्र	वेद	शाखा	सूत्र	प्रवर
४	सुनीपाल	मंगल	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	"
५	चंद्रभान बहादुर	[illegible]	[illegible]	[illegible]	माध्युनी	[illegible]	"
६	हरदेव	[illegible]	धौमा	"	"	"	"
७	[illegible]	सिंगल	[illegible]	सामवेद	कौथुमी	गोभील	"
८	[illegible]	[illegible]	[illegible]	यजुर्वेद	माध्युनी	कात्यायन	"
९	मंत्रपति	मीतल	मैत्री	"	"	"	"
१०	तंबोल	[illegible]	[illegible]	"	"	"	"
११	कर्णचंद्र [illegible]	[illegible]	[illegible]	"	"	"	"
१२	ताराचंद	[illegible]	[illegible]	"	"	"	"
१३	वीरभान	[illegible]	[illegible]	[illegible]	कौथुमी	"	[illegible]
१४	नरसिंह	[illegible]	[illegible]	"	"	"	[illegible]
१५	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	"
१६	[illegible]	[illegible]	[illegible]	अथर्ववेद	माध्युनी	[illegible]	"
१७	[illegible]	[illegible]	[illegible]	"	"	"	"
१८	[illegible]	[illegible]	[illegible]	"	"	"	"

ہونی بڑی پربل ہے

جو جو ہونہار ہے وہ ہو کر رہتی ہے۔ رانی کیکئی نے چند وچنوں وش
شری رام چندر جی کو بن باس دلوایا۔ دشرتھ کے پران ہرن ہو گئے۔
خاندان کو ملیا میٹ کرنے میں کسر باقی نہ رکھی۔ اس کی بدولت
ہر پنجند مارے مارے پھرا۔ اس نے ہی بھارت کو غارت کرنے
والی مہابھارت کو رچوا دیا۔ جس سے بھارت ایسا غارت ہوا کہ آج
تک ابھر نہ سکا۔ اس کے سبب سے ہی اگروہہ کی اینٹ سے
اینٹ سکندر اعظم سے بجوا دی۔ اس کے لئے ہی سکندر اعظم نے اپنا دوت
مہاراجہ نند کے دربار میں بھیجا تھا۔ جو کہ مہاراجہ نند سے پہلے [illegible] ہوا۔ کہ
کل بھوشن اگر سین کے پوتر وشاوار۔ سکندر اعظم آپ کی بہادری و
شجاعت کا قائل ہے۔ اور آپ سے ملاقات کرنی چاہتا ہے۔

دوت کی تمام گفتگو سن کر مہاراجہ نند کے بھتیجے راجہ امر سین نے جواب
دیا اے دوت تو جا اپنے بادشاہ سے کہہ دے۔ ہم اس طرح ملاقات
نہیں کر سکتے۔ اگر اس کو ملاقات کا شوق ہے۔ تو ہم میدان جنگ میں
تیز تلواروں کی دھار سے ملاقات کا شرف حاصل کریں گے۔ اور ہزاروں
یونانیوں کا سر کاٹ کر نذرانہ پیش کریں گے۔ اگروال جس کا یہی ارادہ
ہے۔ یہی ان کی عزت کا تقاضا ہے۔

دوت کے جانے پر امر سین نے تمام کھیلا بھیروں کو بلوا کر
سب ماجرا کہہ سنایا۔ جس سے تمام یودھا اس شغف کے لائق ہو گئے
اور تلوار میان سے نکال آمادہ جنگ ہو گئے۔

پرماتما کو اگروہہ کی بربادی منظور تھی

جب سکندر اعظم کا دوت اپنا سا منہ لے کر مارے دہشت کے مہاراجہ
نند کے دربار سے واپس جا رہا تھا۔ تو وہ امبپال نے اس کو راجہ تن سین
کے پاس روانہ کر دیا۔ اور دوت راجہ تن سین کے پاس جا کر یہ ابھی جو
جس پر تن سین کرودھ وش ہو کر بولا۔ اے وحشی! تمہارے خاندان
میں پھوٹ ڈالکر ہمارا ستیاناس کرنا چاہتا ہے۔ کیا تو نہیں جانتا کہ ہم
اگروال جس سے ہیں۔ جن کی ایکتا کا سکہ تمام دنیا پر جم رہا ہے۔ جا
چلا جا جو مہاراجہ نند کی آگیا ہوگی وہ ہم کو منظور ہے۔

اس طرح دوت کا جادو راجہ تن سین پر بھی نہ چلا۔ مگر ہاں پرماتما
کو اگروہہ کی بربادی منظور تھی۔ اس لئے سکندر اعظم کا جادو کامیاب
ہونا ضروری تھا۔ سچ کہا ہے۔ انسان کے کرنے سے کچھ نہیں بنتا ہوتا
وہی ہے جو پرماتما کو منظور ہو۔ اس لئے مہاراجہ اگر سین کے بنس میں
ایک کل کلنک۔ ونش گھاتک مسمی گوکل چند کا جنم ہو چکا تھا۔ اس
نے کل کو ملیا میٹ کرنے کے لئے راج پر لوبھ میں آ۔ سکندر اعظم
کے دوت کے کہنے کو سچ بکار کر کے اپنے بھائیوں سے آمادہ جنگ ہوا۔

راجہ گوکل چند کا دھرم بھرشٹ ہونا

لوبھ انسان کو اندھا کر دیتا ہے۔ لوبھ میں پھنس کر آدمی کیا

ملہ ایلچی۔ خبر دینے والا۔ ملہ [illegible]
ملہ [illegible] مہاراجہ اگر سین کا [illegible]

کیا پاپ نہیں کر سکتا ۔ اس طرح راج کے لوبھ میں پھنس کر راجہ گوکل چند اپنے دیش کو ناش کرنے پر اتر آیا ۔ اپنے پوتر ویدک دھرم کو تیاگ ملیچھ دھرم کو گرہن کر لیا ۔ فقط اس پرکار سے کہ جب راجہ گوکل چند رات کے وقت دوت کے ہمراہ اپنی فوج کو لیکر سکندر اعظم کے قریب آ کر حاضر ہوا ۔ تو سکندر نے کہا ۔ ہم کو خوشی ہے ۔ یقین ہو کہ تم میرے ہی بن گئے ہو ۔ ہماری مدد کرو گے ۔ اس لئے پہلے آپ یہ بات ثابت کرو ۔ کہ تم در اصل ہمارے ساتھی ہو ۔ [illegible] اس پر راجہ گوکل چند نے فوراً پیالہ کو گرہن کر لیا جس سے سکندر کو وشواس ہو گیا ۔ تب ایک جتھا فوج کا ہمراہ کر کے اگروہے پر حملہ کرنے کو روانہ کر دیا ۔

اگروہے پر حملہ

سنتو ۔ دھرم کے بھائیو ۔ ایک وہ وقت تھا ۔ جبکہ سکندر شکست پر شکست کھا کر اگروہے کی بہادری کا سکہ مان چکا تھا ۔ اگروہے کی طرف منہ بھی نہ کرتا تھا ۔ اگروہے کی فتح کا خیال دل سے نکال چکا تھا ۔ مگر آج آدھی رات کے سمے جبکہ تمام اگروہے والے گہری نیند کا مزا لے رہے ہیں ۔ کل کلنک راجہ گوکل چند کے ہمراہ سکندر اعظم کا سپہ سالار [illegible] ہوتا ہے ۔ وہاں پال کو دھوکا دے اندر داخل ہو جاتے ہیں ۔ لوگوں کو قتل کرنا شروع کر دیتے ہیں ۔ مگر کہا ہے کہ شیروں کے بچے سوتے ہوئے بھی جاگتے ہیں ۔ اسی طرح اگروہے والے بیر پاشیروں کی طرح راجہ

[illegible] مہاراجہ اگرسین کا [illegible]

گوکل چند اور سکندر اعظم کی فوج پر ٹوٹ پڑے ۔ چند گھنٹوں کی خونخوار لڑائی کے بعد سکندر کی فوج بھاگ کر قلعہ سے باہر نکلی ۔ جب سکندر کو اپنی فوج کی شکست کا حال معلوم ہوا ۔ اس نے ایک دستہ فوج اپنے سردار ولیم کے ہمراہ روانہ کیا ۔ ولیم نے آتے ہی شہر کا دروازہ توڑ کر چکنا چور کر دیا ۔ اور اندر گھس کر قتل عام شروع کر دیا ۔ دوسری طرف سکندر خود فوج کو اپنی کمان میں لیکر قلعہ پر حملہ آور ہوا ۔ بہادر اندرسین نے سکندر کو بہت بری طرح سے گھائل کیا ۔ جس سے سکندر اعظم بہت گھبرا گیا ۔ غرض اس معرکہ میں مہاراجہ [illegible] ۔ اندرسین ۔ امرسین اور بہت سارے بیر یودھاؤں نے ہزاروں یونانیوں کو موت کے گھاٹ اتار کر خود میدان جنگ میں پران دیئے ۔ جب راجکماروں کو ان کی موت کا علم ہوا ۔ تب ان ننھے ننھے بچوں کے خون نے جوش مارا جنہوں نے ابھی جنگ کا نام بھی نہ سنا تھا ۔ جوش کھایا ۔ اور میدان جنگ میں جا اترے ۔ کنور ادھم چند نے جو کہ راجہ اندرسین کا فرزند دلبند تھا ۔ اپنی بہادری کے جوہر دکھلائے ۔ اور گل گیا ۔ تب راجہ گوکل چند کو اپنی تلوار سے موت کے گھاٹ اتار کر دل کو ٹھنڈک دی ۔ اسی طرح [illegible] سین اور گوکل چند دونوں میدان جنگ میں کام آئے ۔

راجکماروں کی بہادری نے کئی مرتبہ دشمن کی فوج کو قلعہ سے باہر نکال دیا ۔ مگر آخر کار راجکمار بچے ہی تو تھے ۔ وہ بیچارے کیا جنگی چالوں کو جانیں ۔ مگر سکندر بھی ان کی بہادری کا قائل ہو چکا تھا ۔

[illegible] مہاراجہ اگرسین کو [illegible] گوکل چند [illegible]

ان کے ہر ایک جز پر روشن کر رہا تھا۔ یہ دشمن کی فوج کی تاب نہ لا سکے
جس سے دشمن کو کامیابی نصیب ہوئی۔ اس لڑائی میں کم از کم ایک لاکھ
آدمی اگروال بنس کے کام آئے۔

اس طرح جب سکندر فتحیاب ہوا۔ راجکماروں کو بلوا کر بولا۔ اے نند
کے راجکمارو۔ میں تم پر بہت خوش ہوں کیونکہ تم جس بہادری اور شجاعت
سے اپنے آبائی حقوق کے لئے لڑے ہو۔ وہ تمہارا ہی ورثہ تھا میں
تمہاری عقلمندی کا قائل ہوں۔ اس لئے تمہارا راج تم کو ہی واپس
دیتا ہوں۔ اب آپ بے خوف ہو کے آزاد اجداد کے تخت پر حکمران ہو
اور اب اگروال بنس میں بہتر جو سمجھو کو تاجور رکھو۔ دوسری طرف راجہ
گوکل چند اور دیگر ہمیں کے راجکماروں کو لعنت ملامت کی کہ جب تم اپنی
قوم کے نہیں بنے ہو تو ہمارے کب بن سکتے ہو۔ اس طرح سکندر اعظم
لڑائی سے فارغ ہو کر اگروہہ سے روانہ ہوا۔ جو اس وقت ۱۹۶۰۸۳۴۶۵۲
اپنے جوبن پر تھا۔ مگر آج اگروہہ ویران جنگل کی صورت میں نظر
آتا ہے۔ لڑائی کے شاندار ہونے پر ہزارہا استریاں جن کے پتی میدان
جنگ میں کام آئے تھے۔ ستی کی رسم کے مطابق اس تالاب پر جو آج ستی
تالاب کے نام سے مشہور ہے۔ ستی ہو گئیں اور پرماتما کی پیاری ہو
گئیں۔

او ہو! یہ کیسا خوفناک نظارہ ہے۔ اس کو سن کر کون ایسا اگروال
ہے جس کا جگر ہے جس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی دھارا نہ نکلے مترو
اگروال بنس کا ناش۔ اگروہہ کی بربادی کا حال پڑھ کر کون کشتری رہا

اس وقت کوئی کہتا کہ اگروہہ ویران ہوگا۔ جس کا کوئی نشان اب نہیں تھا۔

ہے۔ جس کی چھاتی درد سے نہ پھٹتی ہو۔ وہ شہر جس کی شان و شوکت کا
ثانی بھارت ورش میں نہ تھا۔ آج اپنی یاد کو کھنڈروں کے ڈھیروں سے
تازہ کر کے اگروال بنس کے ہیروں کو دکھا رہا ہے۔ آج ان پر فضا
میدانوں میں جہاں مہاراجہ اگرسین نے آرام کیا تھا۔ ایک بچہ بھی دکھائی
نہیں ہوتا۔ ہاں اس بھومی میں جہاں پر سینکڑوں ویدوں کی
پاٹھ شالائیں وید ان کی سکھشا دیتی تھیں۔ آج وید کا نام لیوا بھی نہیں
ہے۔ جہاں اوم کے جھنڈے کے چاروں طرف رکشک او تیس ہوئے
تھے۔ وہ استھان آج اپنے کھنڈروں سے پوروجوں کا سمرن کراتے
ہیں۔ اے ہونہار تو نے کیا کر دیا۔ ہمارے پوروجوں کے گورو کو
ناش کر کے اگروال جاتی کو پیچھے پھینک دیا۔ آج یہ جاتی جس میں لاکھوں
ہیرو پیدا ہوئے ہیرا سے شودر بنی ہے۔ مترو۔ کیا کروں!
میری قلم اگروہہ کا حال لکھنے سے قاصر ہے۔ یہ تحریر کانپ رہی
ہے اس لئے چند الفاظ پر اکتفا کرتا ہوں۔

جہاں تک مہاراجہ اگرسین کی اولاد کے حالات دستیاب ہوئے
وہ سب یہاں پر قلمبند کر دیئے ہیں۔ چونکہ مسلمانوں کے راج
کے وقت بھارت ورش کا بہت سا اتہاس نشٹ ہو گیا تھا۔ اس
لئے مکمل اور سلسلہ وار اتہاس دستیاب نہیں ہو سکتا۔ اس لئے
جہاں تک ملا پیش کیا گیا ہے۔ اب میں گپت بنس اور ویش بنس
راجوں کا حال تحریر کروں گا۔ کیونکہ ان کا تعلق بھی ویش ورن سے
ہے۔ نیز شاید یہ بھی مہاراجہ اگرسین کے کل بھوشن ہیں۔

ساتواں کھنڈ

گپت بنس

اس بنس کا راج یسوع مسیح کی تیسری شتابدی سے لیکر ساتویں شتابدی تک رہا ہے۔ اس بنس کا پہلا راجہ مہاراج گپت تھا جس کی [illegible] کی چوتھی شتابدی میں [illegible] اس بنس کا راج پورب میں بنگال سے لے کر [illegible] اور [illegible] تک تھا اور ہمالیہ سے لے کر دکشن [illegible] تک تھا۔ اس کے علاوہ آسام [illegible] اور [illegible] مالوہ اور [illegible] بھی اس بنس کے ادھیکار میں تھا۔ اس کا سمبندھ [illegible] لنکا وغیرہ کے راجوں سے تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] کے [illegible] ان کے اپنے بڑے راج [illegible] ہوا۔

وشنو پوران [illegible] میں ذکر کیا ہے کہ [illegible] کے لوگوں کے نام [illegible] گپت لکھا رہتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ گپت راجہ [illegible] ویدک دھرم کے ماننے والے تھے [illegible] وشنو دھرم [illegible] مگر ان راجوں کا خاصہ تھا کہ وہ [illegible] دھرم [illegible] مہاراجہ چندر گپت تھا۔

مہاراج گپت

مہاراج گپت شری گپت بنس کا پہلا راجہ تھا۔ اس کا سمے [illegible] سے [illegible] تک رہا [illegible] اس کی راجدھانی [illegible] تھی۔ اس [illegible] کے علاوہ [illegible] دیکھا جاتا ہے۔ چینی یاتری [illegible] کے مطابق [illegible] مہاراج گپت [illegible] لکھا ہے۔ [illegible] چینی یاتریوں کے لئے [illegible] مندر بنوایا تھا اور اس کے خرچ کے لئے [illegible] گاؤں وقف کئے تھے۔ [illegible] کے خیال کے مطابق بھی مہاراج گپت کا سمے [illegible] سے [illegible] تک تھا۔ اس کے بیٹے کا نام گھٹوت کچ تھا۔

گھٹوت کچ (घटोत्कच)

مہاراج گپت کے بعد اس کا لڑکا گھٹوت کچ گدی پر بیٹھا۔ اس کا سمے [illegible] سے [illegible] تک بتایا گیا ہے۔ اس کے پتر کا نام چندر گپت اوّل تھا۔ [illegible] نہیں ہو سکے۔

راجہ چندر گپت ثانی

یہ راجہ گھٹوت کچ کا لڑکا تھا۔ اس کے بعد گدی نشین ہوا۔ اس کا راج کبھی سمت [illegible] سے [illegible] تک رہا۔ اس کے جنم کے

لیکھوں میں اس کی اپادی مہاراج کی لکھی ہے۔ اس کی شادی لچھوی
بنس کی راجکماری کمار دیوی سے ہوئی تھی۔ ونسنٹ سمتھ اس کی شادی
سنہ ۳۰۸ء بکرمی بتلاتے ہیں۔ اس راجہ نے خاندان حکومت ہاتھ میں
لیتے ہی پہلے وادی گنگا کے علاقہ کو الہ آباد تک فتح کر کے اپنی
سلطنت میں شامل کر لیا۔ اس کی سلطنت میں جنوبی بہار، ترہت اور
اس کے گرد و نواح کا علاقہ شامل تھا۔ چندر گپت ثانی نے لچھوی قوم
کی رانی کمار دیوی کے بطن سے پیدا شدہ کنور سمندر گپت کو اپنا ولیعہد
مقرر کیا۔

سمندر گپت

یہ چندر گپت اول کا لڑکا تھا۔ پتا کے مرنے کے بعد گدی نشین ہوا
اگرچہ یہ راجہ چندر گپت کا بڑا پتر نہ تھا۔ مگر چندر گپت نے اپنے راج
کال میں ہی اس کی لیاقت، علم و ہنر اور فوجی تربیت کے کارن ولیعہد
مقرر کر دیا تھا۔ اس کا عہد حکومت سنہ ۳۲۰ء بکرمی سے لے کر سنہ ۳۸۲ء بکرمی
تک رہا۔ یہ بڑا با عزم اور مدبر تھا۔ اس کو انگریزی مورخین انڈین نپولین
کے خطاب سے یاد کرتے ہیں۔ کیونکہ اس نے راس کماری سے لے کر
کشمیر تک۔ بلوچستان سے لے کر بنگال تک تمام بھارت ورش کو فتح
کر لیا تھا۔ اور اپنے راج میں شامل کر لیا تھا۔

سمندر گپت کی فتوحات

دو سال کی متواتر لڑائیوں میں مندرجہ ذیل مقامات فتح کرتا ہوا اور

لہ ارلی ہسٹری آف انڈیا صفحہ ۲۹۹۔

راجوں کو اپنے آدھین کر خراج لیتا ہوا واپس گھر لوٹا۔ اس کے بعد اس
چھتیس گڑھ کے آس پاس کے علاقے کے راجہ مہندر، تمام جنگلی
علاقہ جو کہ اب اوڑیسہ اور صوبجات متوسط میں واقع ہے، کے راجہ
ویاگھر کو فتح کیا۔ اس کے بعد وہ جنوب کی طرف بڑھ کر گوداوری کے
علاقہ میں کلنگا کے قدیم دارالخلافہ پشٹ پور کے راجہ مہندر کو زیر کیا۔
کوٹورا ارتھات مدراس پرانت کے گنجور کے علاقہ کے راجہ سوامی دت
کو۔ ارنڈپل ارتھات گنجم خاندیش اندول کے راجہ دمن کو۔ کانچی ارتھات
مدراس پرانت کے کانچی ورم کے راجہ (پلو) راجہ وشنو گوپ کو۔ اوکت
کے راجہ نیل راج کو۔ کرشنا گوداوری کے درمیان کا پوربی سمندر تٹ دیش
کے راجہ ہست ورما کو۔ نیلور کے ضلع پالکٹ کے راجہ اگرسین کو۔ دیو راشٹر
ارتھات مہاراشٹر کے راجہ کبیر کو اور کشتھل پور کے راجہ دھننجے وغیرہ کو
فتح کرتا ہوا اپنی راجدھانی میں واپس آیا۔

سمندر گپت کی حدود سلطنت

ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ ان علاقوں کو سمندر گپت نے فتح کر کے اپنی
سلطنت میں نہیں ملایا۔ بلکہ ان کو مغلوب کر کے اپنا باجگذار بنایا۔
مشرق کی طرف گنگا اور برہم پتر کا ڈیلٹا (جس میں اب کلکتہ واقع ہے)
ہے۔ اور سماتٹ جو کہ اب اضلاع بوگرہ، دیناج پور اور راج شاہی میں
منقسم ہے۔ اور کامروپ آسام مرکزی حکومت کے ماتحت تھے۔ شمال
میں نیپال ایک باجگذار ریاست تھی۔ اور کانگڑا شامل تھے۔ پنجاب
مشرقی۔ راجپوتانہ اور مالوہ یودھی قوموں کے ماتحت تھے۔ جیسا کہ

لہ بھاگلپور کہتے ہیں۔

سکندر کے وقت حال تھا۔ سکندر کے حملہ کے وقت میلوی اور کچھ قومیں
پنجاب میں آزاد حکومت کرتی تھیں۔ اس طرح مغرب کی طرف
گویا لیا مرکزی ایشیا تک کی حد تھی۔ مشرقی راجپوتانہ اور مالوہ میں اقوام
ارجنیاین اور مالوا ابھی آزاد تھیں۔ اور اس طرح دریائے چنبل
مرکزی حد تھی۔ دریائے نربدا تک کا علاقہ جنوبی حد تھا۔ گویا مرکزی
ایشیا میں جو خشکی صوبے کے وسط میں جو براہ راست سمندر گپت
کے ماتحت تھیں۔ شمالی ہند کا تمام آباد اور زرخیز علاقہ شامل تھا۔
جو مشرق میں دریائے ہگلی سے شروع ہو کر مغرب میں دریائے جمنا
اور چنبل تک پھیلا ہوا تھا۔ اور شمال میں ہمالیہ کے دامن سے لیکر
جنوب میں نربدا تک تھا۔ مگر اصل سلطنت آسام سے لیکر پنجاب
کی حدود مغربی تک اور نیپال سے لیکر راس کماری سے کچھ اوپر تک
جاتی تھی۔ ان علاقہ جات میں جو راجہ حکومت کرتے تھے۔ یا جو آزاد قومیں
جمہوری انتظام میں تھیں۔ وہ سمندر گپت کی ماتحتی تسلیم کرتی تھیں
اور ان میں سے اکثر باجگذار تھیں ۔

دوسری طاقتوں سے تعلقات

مہاراجہ چندر گپت کے دوستانہ تعلقات گندھارا۔ کابل۔ تاتار۔
ترکستان اور جنوبی لنکا کے حکمرانوں سے برابر قائم رہے ۔
سمندر گپت بڑا عالی شان ۔ پرتاپی بخشش شال مہاراجہ تھا۔ اس کی
بہادری کا شہرہ تمام عالم میں پھیل رہا تھا۔ دور دور سے سینکڑوں لوگ
اس کے دربار میں آتے تھے۔ اور علم کا دان حاصل کر واپس جاتے

تھے۔ یہ ہر وقت دین دکھیوں کا دکھ دور کرنے کو تیار رہتا تھا ۔

چندر گپت دوئم (بکرم آدیتہ)

یہ مہاراجہ سمندر گپت کا لڑکا تھا۔ مہاراجہ کے پرلوک گمن پر یہ گدی
سنہ ۳۷۵ء سے لیکر سنہ ۴۱۳ء تک گدی پر رہا۔ گو یہ بھی اپنے پتا کا بڑا لڑکا
نہ تھا۔ مگر اپنی لیاقت کے کارن اپنے پتا کے ہاتھوں ولی عہد
سلطنت چنا گیا۔ جس سے پتا کے سورگباش ہونے پر گدی نشین ہوا

چندر گپت کی فتوحات

مہاراجہ چندر گپت نے بعد میں سنہ ۴۰۰ء کے قریب پچھمی راجوں کو
جیت کر گجرات۔ سوراشٹر اور سنات کاٹھیاواڑ اور مالوہ کو اپنے
قبضے میں کر لیا۔ اور بھارت سے شاک قوم کے راجوں کا نام و نشان
مٹا دیا۔ اور ان کا علاقہ اپنے علاقے میں شامل کر لیا۔ اس وقت
میں شاک قوم کا راجہ رودر سنگھ حکمران تھا۔ جس کو اس نے قتل
کر ڈالا ۔ رودر سنگھ کی نسبت ایک قصہ بھی ہے۔ کہ جب چندر گپت
وہ شخص نے اس کو قتل کیا ہے۔ اس وقت یہ ایک عورت کے لباس
میں چھپا ہوا تھا۔ اوجین ایک تجارتی شہر ہے۔ اور بہت پراچین
ہے۔ اس کی سلطنت چندر گپت میں مل جانے سے سلطنت کو بہت
ترقی نصیب ہوئی۔ چندر گپت دوم کے وقت میں چند چینی سیاح
فاہیان آیا تھا۔ چونکہ بھارت میں متواتر پندرہ سال رہ کر بودھ گرنتھوں
کو پڑھتا رہا۔ اس کے سفرنامے سے چندر گپت کی سلطنت کے بہت

سارے حالات معلوم ہوتے ہیں ۔

اس کے عہد حکومت میں حیوانوں اور انسانوں کے لئے اوشدھالے کھلے ہوئے تھے ۔ مذہبی ظلم وستم کی شکایت نہ تھی ۔ کوئی چور ڈاکو راج میں دکھلائی نہ دیتا تھا ۔ ہر ایک مذہب کے دھرم پرچارکوں کو بستر ۔ چارپائیاں رہائش کے لئے مکانات اور خوراک سرکاری خزانہ سے دی جاتی تھی ۔ اس کے راج کا انتظام مکمل تھا ۔ سب سے بہتر تھا ۔ اس نے اپنے دارالخلافہ کو پاٹلی پتر سے تبدیل کر کے ایودھیا میں رکھ دیا تھا ۔ اس کے عہد حکومت میں ہر طرح سے امن و امان رہا ۔

کمار گپت اوّل (مہندر دتیہ)

عیسوی سن ۴۱۳ء مطابق بکرمی سمت ۴۷۰ سے سمت ۵۱۲ تک راج کیا ۔ یہ اپنے پتا کی گدی پر سن ۴۱۳ عیسوی میں بیٹھا تھا ۔

کمار گپت کی موت ۴۵۵ء مطابق بکرمی سمت ۵۱۲ میں ہوئی تھی اس کی استری کا نام اننت دیوی تھا ۔ کمار گپت کے دو لڑکے اُتپن ہوئے ۔ جن کے نام سکندھ گپت اور پورو گپت تھے ۔ یہ بھی پرتاپی راجہ تھا ۔ اس نے بھی اشومیدھ یگ کیا تھا ۔ اس کی آخری عمر میں سلطنت کو کچھ زوال آیا ۔

۱ے مسٹر ... صاحب بھی اس کا گدی پر بیٹھنا بکرمی سمت ۴۷۰ مانتے ہیں

۲ے ارلی ہسٹری آف انڈیا صفحہ ۳۰۳

۳ے جرنل ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال ۱۸۹۱ء صفحہ ۹۸

سکندھ گپت

کمار گپت کا پتر سکندھ گپت جب ۴۵۵ء میں تخت پر بیٹھا اس وقت سلطنت بہت سی مشکلات میں پھنسی ہوئی تھی ۔ اگرچہ وہ ایک دشمن قوم پشیہ متر کو مغلوب کر چکا تھا ۔ مگر شمال مغربی درّوں سے ایک اور دشمن آ نمودار ہوا تھا ۔ اور وحشی ہُون لوگ وسط ایشیا کے میدانوں سے چل کر ہندوستان میں لوٹ مار مچانے لگے ۔ سکندھ گپت نے ان کو ایک شکست دی ۔ اور اپنی فتح کی خوشی میں ایک بڑا بھاری مینار بنوایا ۔ جس پر وشنو کی مورتی ستھاپت کی ۔ جس پر اپنی فوج کا حال کندہ کرایا ۔

سکندھ گپت نے مغربی صوبجات کا انتظام جس میں کاٹھیاواڑ شامل تھا ۔ اپنے ایک نائب کے سپرد کیا ہوا تھا ۔ یہ عیسوی ۴۵۵ء سے ۴۶۷ء مطابق بکرمی سمت ۵۱۲ سے لے کر سمت ۵۲۴ تک حکمران رہا ۔ یہ بھی اپنے باپ کی طرح بلند ہمت پرتاپی راجہ تھا ۔

مہاراجہ سکندھ گپت کے بعد مہاراجہ کمار گپت دوم بکرمی سمت ۵۲۴ سے لے کر ۵۳۰ تک ۔ بدھ گپت بکرمی سمت ۵۳۱ سے سمت ۵۶۲ تک مطابق ۴۷۴ء سے لے کر ۵۰۵ء تک ۔ ان کے بعد بھانو گپت ۵۰۵ء سے لے کر ۵۴۳ء مطابق بکرمی سمت ۵۶۲ سے لے کر سمت ۶۰۰ بکرمی تک گدی نشین ہوئے ۔ ان کے عہد حکومت کے کوئی واقعات نہیں ہیں ۔

۱ے یہ ستون غازی پور کے ضلع میں اب تک کھڑا ہے ۔ مگر وشنو کی مورتی اس کے اوپر نہیں ہے ۔

شجرہ نسب مہاراجہ مہاراج گپت

مہاراج گپت
گھٹوتکچ
چندر گپت اول
سمدر گپت
چندر گپت دوم
کمار گپت اول — گووند گپت
پورو گپت — سکند گپت
نرسنگھ گپت — کمار گپت دوم
کمار گپت سوم — بدھ گپت
بھانو گپت

بدھ گپت

سکند گپت کے بعد ۴۷۶ء میں اس کا بھائی بدھ گپت گدی نشین ہوا۔ اس زمانے سے جو طوائف الملوکی شروع ہوئی ملکوں میں ملک کے زمانے میں تھی۔ اس کو ... سکوں کو خاص بنایا ہے۔

نرسنگھ گپت بالا دتیہ

۴۸۵ء میں نرسنگھ گپت اپنے چچا بدھ گپت کی وفات کے بعد

تخت پر بیٹھا۔ اس نے نالندہ کے مقام پر ایک اینٹوں کا مندر بنوایا جس کی بلندی تین سو فٹ تھی۔ اس مدرسہ نالندہ میں بدھ دھرم کے طالبوں کے پڑھنے کے لئے ایک خاص درسگاہ تھی۔ ہندو کے زمانے میں سونے کے سکے ... جن سے نہایت ... سے ترقی کرتے تھے۔

کمار گپت

نرسنگھ گپت کے بعد اس کا بیٹا کمار گپت سوم گدی نشین ہوا۔ مگر اس کے زمانے کے متعلق حالات دستیاب نہیں ہوتے ہیں۔ مسٹر سمتھ اس کو ۵۳۰ء کے قریب مانتے ہیں۔ غرض چھٹی صدی میں ان کی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا۔

گپتا بادشاہوں کے عہد حکومت میں علم و ہنر کو بہت ترقی نصیب ہوئی۔ ان کا عہد حکومت بھارت کی تواریخ میں سنہری عہد کہلاتا ہے۔ علم و فضل کے لئے بہت مشہور گذرا ہے۔ ان کے عہد میں علوم ریاضی اور ہیئت میں بہت ترقی ہوئی۔ علم نجوم، علم تعمیرات، نقاشی اور مصوری نے بھی اس زمانہ میں بہت ترقی حاصل کی۔ ان کے عہد حکومت میں سنگ تراشی اور نقاشی کی نمایاں ... مقام ... ایک ... ہے۔ اس کی ... نقاشی کا کام ... ہوا ہے۔ اس کو دیکھ کر ان کے ... کی نہایت ... تصویریں ... بنارس کے ...

مندر میں موجود ہیں۔ ان کے زمانہ میں کاریگروں نے دھاتوں کے استعمال میں بھی نہایت ترقی کی تھی ۔

چندر گپت کے وقت کا بنا ہوا مینار[1] دہلی میں کھڑا ہے۔ جو کہ دنیا کی عجائبات میں سے ایک ہے۔ چندر گپت ثانی کے عہد میں مہاتما بدھ کی ایک تصویر تانبے کی[2] ۸۰ فٹ بلندی میں بنائی گئی۔ سلطان گنج کا بت جو ۷½ فٹ بلندی میں ہے۔ اب برمنگھم کے عجائب گھر کو زینت دے رہا ہے۔ غرض گپت راجوں کے عہد حکومت میں بھارت واسیوں نے مصوری اور نقاشی میں نہایت درجہ کی کمالیت حاصل کی تھی۔ اور دیگر علم و ہنر نے بھی بھارت ترقی پر پہنچا تھا ۔

کمار گپت ثانی کے بعد خاندان کی سلطنت تو زوال کو پراپت ہو گئی مگر اس بنس کے گپت راجے چھوٹے چھوٹے علاقوں کے ادنیٰ ہستیوں کے روپ میں مگدھ دیش کے ایک حصہ میں آٹھویں صدی تک حکمران ہے۔ اس قسم کے گیارہ[3] راجوں کا ذکر تاریخ میں آتا ہے ۔

---

[1] یہ مینار قطب صاحب کی لاٹ کے پاس کھڑا ہے ۔

[2] یہ تصویر چھٹی صدی کے اخیر میں نالندہ کے مقام پر بنائی گئی تھی ۔

[3] ان راجوں کا بھی پیچھے درج کیا جائے گا ۔

آٹھواں کھنڈ

ویش بنسی راجہ

ان کا سمے ۶۰۶ء سے لے کر ۶۴۸ء تک مطابق بکرمی سمت ۶۶۳ سے لے کر بکرمی ۷۰۵ تک رہا ہے۔ اس بنس کے راجہ شو دھرم کو پالتے تھے۔ اور ان کا راج تھانیسر کے اردگرد کے علاقہ پر تھا۔

پشپ بھوتی

اس خاندان کا سب سے پہلا راجہ پشپ بھوتی تھا۔ یہ راجہ شو دھرم کا اوپاسک تھا۔ اس کی راجدھانی تھانیسر میں تھی۔ اس کو مہاراج کی اوپادھی تھی۔ یہ بڑا اودان راجہ تھا ۔

نروردھن

یہ راجہ پشپ بھوتی کا بنس تھا۔ اس کی رانی کا نام بجرلی دیوی ملا ہے۔ باقی حالات دستیاب نہیں ہوئے ۔

راجیہ وردھن

یہ نروردھن کا پتر تھا۔ اور ولیعہد سلطنت تھا۔ اس کو سورج

کوانشٹ تھا۔ اس کو دان کا اپسراوی تھا۔ باقی حالات دستیاب نہیں ہوئے۔

آدیتیہ وردھن

راجیہ وردھن کا پتر تھا۔ اور ولیعہد سلطنت تھا۔ پتا کے گنبد جانے پر گدی نشین ہوا۔ اس کے وقت کے بھی مکمل حالات دستیاب نہیں ہوئے۔

پربھاکر وردھن

یہ آدیتیہ وردھن کا پتر تھا۔ پتا کے سورگباش ہونے پر تخت نشین ہوا۔ شری ہرش چرتر سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ پربھاکر وردھن نے سندھ اور گجرات کے راجاؤں کو اور گوجر اور اتری پچھمی پنجاب کے ہونوں کو فتح کر کے اپنا راج بڑھایا تھا۔ اس کی اپادی پرم بھٹارک مہاراج ادھیراج ملتی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس نے ہی خود مختار حکومت اختیار کی ہوگی۔ اس کے دو پتر اور ایک کنیا تھی۔ یہ بھی سورج کا اوپاسک تھا۔ اس راجہ نے ہون قوم کے حملہ آوروں کا بہت دلیری اور دانشمندی سے مقابلہ کیا تھا۔ جس سے اس کو بہت شہرت نصیب ہوئی تھی۔ ۶۰۵ء میں مہاراجہ پربھاکر وردھن بیمار ہو گئے۔ اور پرماتما کی گود میں چلے گئے۔

راجیہ وردھن دوئم

یہ مہاراج پربھاکر وردھن کا پتر تھا۔ ان کے دیولوک واس کرنے پر راج سنگھاسن پر بیٹھا۔ یہ پتا کی آگیا سے [illegible]

مطابق بکرمی سمت ۶۶۲ میں شمال مغربی سرحد پر ہون قوم کو شکست دینے کے لئے گیا تھا۔ اس وقت اس کی عمر ۲۰ سال کے قریب تھی۔ اس نے بڑی بہادری اور دانائی سے ہون قوم کا مقابلہ کر کے اس کو فتح کیا اور خود بھی بہت زخمی ہو گیا۔ اس کے واپس آنے سے پہلے ہی پتا کا دیہانت ہو گیا۔ جس سے اس کو بہت دکھ ہوا۔ اور اس صدمہ سے یہ اتنا بیاکل ہوا۔ کہ اس نے راج لینے سے انکار کر اپنے چھوٹے بھائی ہرش وردھن کو گدی پر بٹھانے کا نشچے کر لیا۔ اور خود بدھ بھکشو بن کر زندگی گزارنے کا ارادہ کیا۔ اسی اثناء میں مالوہ کے راجہ نے اس کی بہن راجیشوری کے خاوند کو قتل کرا راجیشوری کو قید کر لیا۔ اس خبر کو سنتے ہی راجیہ وردھن نے اپنا سب ارادہ بدل دیا۔ اور فوراً گدی گرہن کر اپنی بہن کو آزاد کرانے تھا اپنے بہنوئی کا بدلہ لینے کی غرض سے دس ہزار سوار ساتھ لے کر مالوہ کی طرف چل دیا۔ اور مالوہ کے راجہ کو شکست دی۔ مگر بنگال کے راجہ نے جو مالوہ کے راجہ کا دوست اور مددگار تھا۔ اپنی کنیا کی شادی راجیہ وردھن سے کرنے کا بچن دے دھوکا سے اس کو وشواس گھات کر مار ڈالا۔ اس اثناء میں شری راجیشوری قید خانہ سے بھاگ گئی۔ اور جنگلوں میں جا چھپی۔

ہرش وردھن

یہ راجیہ وردھن کا چھوٹا بھائی تھا۔ اس کے مارے جانے پر گدی نشین ہوا۔ جس وقت راجیہ وردھن پتا کی آگیا سے اتر پچھمی

علاقہ میں ہنوں سے لڑنے گیا تھا۔ اس وقت ہرش بھی کچھ دور تک ساتھ گیا تھا۔ مگر وہ جب بیمار ہو جانے کے راستے میں رہ گیا۔ وہاں پر جب پتا کے بیمار ہونے کی خبر ملی۔ تب فوراً راجدھانی میں واپس پہنچ گیا۔ اس وقت تک مہاراج پربھاکر وردھن کی حالت بہت تشویشناک ہو گئی تھی۔ اور ہرش کے بڑے بھائی راجیہ وردھن کے واپس آنے تک مہاراج پربھاکر وردھن پرلوک واسی کر گئے۔ اور ان کی پٹرانی بھی سرسوتی کے کنارے ستی ہو گئی تھی۔ اس سے ہرش کو بہت دکھ پہنچا۔ اس وقت اس کی عمر ۱۶ سال کی تھی ۔۔

راجیہ وردھن کی مرتیو کے بعد ۶۰۶ع بکرمی مطابق ۶۰۶ء میں گدی پر براجمان ہوا۔ راج سنگھاسن پر بیٹھتے ہی ہرش نے دگ وجے ارتھات تمام دنیا کو فتح کرنے کا ارادہ کیا۔ اور تمام راجوں مہاراجوں کے پاس پتر روانہ کئے۔ کہ یا تو تم میری ادھینتا سویکار کرو۔ ورنہ جنگ کے لئے تیار ہو جاؤ۔ اس کے بعد دنیا کو فتح کرنے کے لئے روانہ ہوا۔ راجدھانی سے چل کر پہلا پڑاؤ راجدھانی سے تھوڑی دور سرسوتی کے کنارے پر ڈالا۔ یہاں پر پراگ جیوتش کے راجہ کے دوت نے آ کر چھتر پیش کر کے دوستی کی درخواست کی۔ تھوڑی دور جانے پر ان کا سپاہی بھنڈی ملا۔ اس نے مالوہ کے راجہ کے لوٹ کھسوٹ کا مال ہرش وردھن کو بھینٹ کیا۔ اور شری راجیشوری کا قید سے بھاگ کر وندھیاچل کے جنگلوں کی طرف چلا جانا بتلایا۔ ہرش وردھن نے اپنے سینا پتی بھنڈی کو تمام فوج لیکر گنگا کے کنارے پر ٹھہرنے کا حکم دیا۔ اور خود راجیشوری کی تلاش میں وندھیاچل کی طرف چلا گیا۔

پھر راجیہ شری ایک بودھ بھکشو کی مدد سے ملی۔ اس کو تلاش کر کے اپنے ہمراہ لے اپنی فوج میں گنگا کے کنارے پر آ ملا ۔۔

تخت پر بیٹھنے میں مہاراجہ ہرش وردھن کو دو کام بہت ضروری سرانجام دینے تھے۔ ایک تو اپنی بہن کو قید سے چھڑا کر اپنے ہمراہ لانا دوسرے اپنے بھائی کا دشمن سے بدلہ لینا تھا۔ اس لئے ہرش نے پچاس ہزار پیادہ اور بیس ہزار سوار فوج لیکر راجہ ششانک پر حملہ کر دیا جس سے اس کو جیت کر پھر یہ چھ سال متواتر لڑتا رہا۔ اس نے اپنی فوج بڑھا کر ایک لاکھ سوار اور ساٹھ ہزار ہاتھی کر لئے۔ اس نے تمام شمالی ہند کو فتح کر کے اپنی حکومت میں شامل کر لیا۔ پھر وہ ۴۰ سال تک حکومت کی۔ علاوہ شمالی ہندوستان کے مغربی مالوہ و کچھ سوراشٹر و آنند پور بھی اس کے راج میں شامل تھے۔ ہرش وردھن نے اپنے عمر میں صرف ایک شکست کھائی تھی۔ دکن میں راجہ پلکیشن جو کہ چالوکیہ خاندان کا مشہور راجہ تھا۔ نربدہ کے کنارے ہرش کو پسپا کرنے میں کامیاب ہو گیا ۔۔

ہرش کا انتظام

اس کے راج کا پربندھ بہت اچھا تھا۔ ہر طرح سے رعایا امن رہتا تھا۔ زمین کی آمدنی کا چھٹا حصہ فصلوں کے روپ میں وصول کیا جاتا تھا۔ حاکموں کو تنخواہ کی بجائے زمین دی جاتی تھی۔ تنخواہ وغیرہ کا کوئی حساب نہ تھا۔ ٹیکس بہت تھوڑے تھے۔ چھوٹے چھوٹے جرموں کی سزا جرمانہ تھی۔ بڑے بڑے سنگین جرموں کی سزا بہت

سزا ملتی تھی۔ کچھ جرموں میں ناک، کان، ہاتھ کاٹ دیا جاتا تھا۔ وِدیا کا خوب پرچار تھا۔ خاص کر برہمنوں اور بدھ بھکشوؤں نے اس کے عہدِ حکومت میں بہت ترقی کی تھی۔ یہ وِدوانوں کی بہت قدر کرتا تھا۔ تمام وِدوان لوگ آ کر اس کے دربار میں ٹھہرتے تھے۔ کیونکہ یہ سب کی عزت کرتا تھا۔ خود بڑا وِدوان راجہ تھا۔ اس کی طبیعت کو اس کے بنائے ہوئے گرنتھ رتناولی، پریہ درشکا۔ اور ناگا نند ناٹک اب تک پرگٹ کر رہے ہیں ٭

چینی سیاح ہیون سانگ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ میں نے بھارت کا سفر کیا۔ تو اس وقت شمالی بھارت میں قریباً دو لاکھ بھکشو تھے۔ یہ سب اور بہت سارے برہمن تعلیم کا کام کرتے تھے۔ اور دیش میں بیشمار یونیورسٹیاں تھیں۔ مگر نالندہ کی مشہور و معروف اعلیٰ درجے کی یونیورسٹی تھی۔ بنارس پرایاگ میں سنسکرت کا کیندر تھا۔ یہ دونوں مقامات وِدیا کے بھنڈار گنے جاتے تھے ٭

ہرش کا پولیٹکل انتظام

ہیون سانگ لکھتا ہے کہ ہرش کے عہدِ حکومت میں سڑکوں کا انتظام بہت عمدہ تھا۔ رعایا سے کوئی بیگار نہیں لی جاتی تھی۔ جگہ جگہ اوشدھالے کھلے تھے۔ جن سے ہر ایک بیمار کو دوا مفت دی جاتی تھی۔ دھرم شالوں کا انتظام بہت عمدہ تھا۔ جہاں پر بھی حاجت مندوں کو دوائی اور خوراک مفت ملتی تھی۔ تجار لوگ پلوں وغیرہ پر بہت تھوڑا سا محصول ادا کر کے اپنا کاروبار چلاتے تھے ٭

ہرش کی دان شیلتا

مہاراجہ ہرش وردھن بہت فیاض تھا۔ ہزاروں روپیہ ہر روز دان کر کے اپنا بھوجن گرہن کرتا تھا۔ اس نے اپنے راج میں جانوروں کا مارنا بند کر دیا تھا۔ جہاں جہاں پر یہ ٹھہرتا تھا۔ پانچ سو برہمنوں اور دو ہزار بھکشوؤں کو بھوجن ملتا تھا۔ اس نے بھی ہزاروں ستوپ اور مٹھ اور دھرم شالائیں بنوائی تھیں۔ ہر پانچ سال کے بعد ایک بڑی سبھا ہوتی تھی۔ یہ سبھا پریاگ میں ہوتی تھی۔ جہاں پر راجہ خود آ کر بیشمار خزانہ خیرات میں تقسیم کرتا تھا۔ اس موقع پر یعنی بکرمی سمت کے مطابق [illegible] میں جو سبھا پریاگ جب ہوئی۔ یہ ہرش وردھن کے عہدِ حکومت کی چھٹی سبھا تھی۔ تمام باجگذار راجے اور قریباً پانچ لاکھ آدمی جن میں ہر قسم کے سادھو اور سنیاسی شامل تھے۔ اکٹھے ہوئے۔ میلہ ڈھائی مہینے تک رہا۔ اگرچہ چینی سیاح کا ارادہ گھر کو واپس جانے کا تھا۔ مگر ہرش وردھن کے کہنے پر سبھا میں جانا پڑا۔ سبھا کا کام آرنبھ ہوا۔ پہلے دن گنگا کی ریت میں بنے ہوئے ایک مندر میں بدھ مہاتما کی مورتی رکھی گئی۔ اور بہت سارے قیمتی بستر وغیرہ بانٹے گئے۔ دوسرے اور تیسرے دن سورج اور شو کی مورتیوں کی بھی اسی طرح سے پوجا کی گئی۔ چوتھے روز دس ہزار بدھ بھکشوؤں میں سے ہر ایک کو ایک سو مہرے۔ ایک موتی۔ ایک سوتی بستر اور اچھا اور سوادش بھوجن دے کر ستکار کیا گیا۔ اس کے بعد بیس دن تک برہمنوں کو دان ملتا رہا۔ اس کے بعد دس روز تک جینی اور دوسرے

دھرم کے پجاریوں کو دان دیا۔ تب پھر ایک بیٹھک بطور غریب اور مفلس لوگوں کو بستر وغیرہ دیکر سہائتا کی گئی۔ غرض مہاراجہ ہرش وردھن نے سوائے ہاتھی گھوڑے، ہتھیاروں اور فوجی سامان کے تمام اپنی مقبوضہ اشیاء کو اس طرح جب وہاں دے دیا تو اپنے کپڑے بھی جو پہنے ہوئے تھے اپنی بہن کو دے دیا۔ خود ایک پرانا بستر رکھا جس کو پہن کر راجہ نے دس بدھوں کی پوجا کی۔ اور اپنے آپ کو دھنیہ سمجھا۔ اس میلہ کو ہندو شاستروں میں سروسمیدھ کہا ہے۔ اس کے بعد اس سبھا کا تمام کام ختم ہوا۔ تمام لوگ اپنے اپنے گھروں کو واپس لوٹ گئے۔ اور ہیون سانگ چینی سیاح کو بھی واپس جانے کی اجازت دی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہرش وردھن کس قدر دانی تھا کس قدر دیر پا تھا۔ اس کے وقت کی بہت سی یادگاریں اب بھی موجود ہیں۔ جن سے اس کے عہد حکومت کا حال اچھی طرح سے معلوم ہوتا ہے۔

مہاراجہ ہرش کی موت

مہاراجہ ہرش ۶۴۷ء میں فوت ہوا۔ یہ بہت پرجلال شاہی مہاراجہ گذرا ہے۔ ہرش وردھن کی راجدھانی قنوج تھی۔ یہ شہر قریب چار میل لمبا اور ایک میل چوڑا تھا۔ اس میں بہت سارے مندر اور مٹھ تھے۔ دولت میں یہ کسی سے کم نہ تھا۔ اس کو شیر شاہ نے عیسوی کی سولھویں صدی میں نشٹ کر دیا تھا۔ آجکل وہ بالکل اجاڑ ہے۔

لے۔ ونسنٹ سمتھ کی ارلی ہسٹری آف انڈیا صفحہ ۳۵۲ پر لکھا ہے کہ
[illegible]

ویش بادشاہ اور ان ویشوں کا ہندوستان پر راج رہا ہے۔ اور ان میں سے ایک چندر ویش سب ہی گنے جاتے ہیں۔

شجرہ نسب ویش بنس

پشپ بھوتی
نروردھن
راجیہ وردھن
آدتیہ وردھن
پربھاکر وردھن
راجیہ وردھن — ہرش وردھن

(ادھیائے ششم)

آخری التماس

بھائیو اور بہنو۔ آریہ جاتی کے نونہالو۔ اگرسین کے سپوتو تتھا مانیہ بزرگو۔ میں نے اپنے پوروجوں کے حالات دریافت کرنے کی چیشٹا کی تھی جس کا پرنام سروپ اوپر کے چند اوراق ہیں میں آشا کرتا ہوں کہ آپ ورتمان کال میں پراچین کال کے بکھرے ہوئے اتہاس کو اکٹھا کرنے کی کٹھنائیوں کو انبھو کرتے ہوئے اس کا مطالعہ کریں گے۔

الراقم

رام چندر گپتا از بہرسود

ضلع نیماڑ (م۔پ۔)

مدھیہ بھارت